https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد:24 | جمعرات 10 جمادی الاوّل 1448ھ 22 اکتوبر 2026ء | شمارہ:219

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



# یمن پر حملہ نہیں کرینگے لیکن سعودی عرب کے بھرپور دفاع کیلئے تیار ہیں

مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی نے کہا ہے کہ سعودی عرب کو مجوزہ فوجی مدد کا مقصد اس کی سرزمین اور سرحدوں کا دفاع کرنا ہے 'مصر فورم 2026' کے عنوان سے منعقدہ سرکاری تقریب میں خطاب

مصری صدر کا یہ بیان اس وقت سامنے آیا ہے جب ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے خبردار کیا ہے کہ مصر سمیت کسی بھی ملک کی یمن جنگ میں فوجی مداخلت اس جنگ کو دور تک پھیلا دے گی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی نے کہا ہے کہ سعودی عرب کو مجوزہ فوجی مدد کا مقصد اس کی سرزمین اور سرحدوں کا دفاع کرنا ہے، یمن پر حملہ کرنا نہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق مصر کے صدارتی دفتر سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ صدر الفتاح السیسی نے یہ بات 'مصر فورم 2026' کے عنوان سے منعقدہ سرکاری تقریب میں کہی۔ انھوں نے کہا کہ کہ مصر کا مقصد سعودی عرب کی سرزمین اور سرحدوں کا دفاع ہے اور درخواست کیے جانے پر مصر کسی بھی دوسرے عرب ملک کے دفاع کے لیے بھی مدد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

## اہم خبر



## جرمنی کی سفیر انا لیپیل کی ملتان چیمبر کے صدر ڈاکٹر شفیق خان پتافی سے ملاقات

پاکستان اور جرمنی کے درمیان تجارت، ٹیکنالوجی اور ہنرمندی کے شعبوں میں نئے مواقع تلاش کرنے پر اتفاق

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان میں جرمنی کی سفیر محترمہ انا لیپیل نے منگل کے روز اس امید کا اظہار کیا کہ پاکستان اور جرمنی سرمایہ کاری، تکنیکی تعاون، ہنرمندی کی ترقی اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے نئے راستے کھولیں گے۔ ملتان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (MCCI) کے ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین سے خطاب کرتے ہوئے سفیر نے نجی شعبے، بالخصوص جرمن پاکستان بزنس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

## جامعہ کراچی میں کیریئر کنیکٹ 2026ء کی افتتاحی تقریب آج ہوگی

وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال افتتاحی جبکہ سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن اختتامی تقریب کی صدارت کریں گے

کراچی (این این آئی) جامعہ کراچی کے شعبہ کمپیوٹر سائنس کے زیر اہتمام کیریئر کنیکٹ 2026ء کی افتتاحی تقریب آج (جمعرات) 22 اکتوبر کو منعقد ہوگی۔ افتتاحی تقریب کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

### لاڑکانہ میں انسداد پولیو آگاہی ریلی، بچوں کو قطرے پلانے پر زور

لاڑکانہ (این این آئی) روٹری کلب آف موئن جودڑو اور روٹریکٹ کلب آف لاڑکانہ کے زیر اہتمام پولیو سے بچاؤ اور عوام میں آگاہی کے فروغ کے لیے ہندو دھرم شالا سے ریلی نکالی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

### سندھ کے 13 اضلاع کی 39 خالی بلدیاتی نشستوں پر ضمنی انتخابات 22 نومبر کو ہوں گے

کراچی (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سندھ کے 13 اضلاع کی 39 خالی بلدیاتی نشستوں پر ضمنی انتخابات کا شیڈول جاری کر دیا ہے، جس کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

## تکنیکی وجوہات، کراچی سے روانہ ہونے والی 10 پروازیں منسوخ

دبئی، کوالالمپور، شارجہ، ریاض، اسلام آباد، لاہور اور سیالکوٹ جانے والی پروازیں منسوخ

کراچی (این این آئی) تکنیکی وجوہات کے باعث کراچی کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے روانہ ہونے والی 10 پروازیں منسوخ ہو گئیں، جس سے مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ منسوخ ہونے والی پروازوں میں کراچی سے دبئی جانے والی ایمریٹس کی پرواز ای کے 609 اور ایئر بلیو کی پرواز پی اے 110، جبکہ کوالالمپور جانے والی ایئر پلیکن کی پرواز ڈی 1067 شامل ہیں۔ اسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

تجارت 1.34 لاکھ ڈالر سے 20 کروڑ ڈالر تک لانے پر اتفاق ہوا، وزیر اعظم نے مالدیپ کو ایک لاکھ زیتون کے پودے اور ایک لاکھ بیج فراہم کرنے کا اعلان کیا، وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے درمیان وزیر اعظم ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات

# پاکستان مالدیپ کے درمیان 20 ایم او یوز اور اسٹامپ

دونوں رہنماؤں نے فضائی اور بحری رابطوں کو بہتر بنانے اور مشترکہ اقتصادی کمیشن کا اجلاس جلد منعقد کرنے کی ضرورت پر زور دیا، صدر معیزو نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا اور وزیر اعظم ہاؤس میں یادگار کے طور پر پودا بھی لگایا

معاہدوں پر بروقت عمل درآمد یقینی بنایا جائے تاکہ دونوں ممالک کے عوام کو عملی فوائد حاصل ہوں گے، محمد اسحاق ڈار، رانا ثناء اللہ، عطا تارڑ، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، سید مصطفیٰ کمال، جنید انوار چوہدری، مالدیپ کے پاکستان میں سفیر بھی وفد کے ہمراہ شامل

کراچی/اسلام آباد (علیم نواب خان) پاکستان اور مالدیپ کے درمیان 20 ایم او یوز سائن ہوگئے، تجارت 1.34 لاکھ ڈالر سے 20 کروڑ ڈالر تک لانے پر اتفاق ہوا، وزیر اعظم نے مالدیپ کو ایک لاکھ زیتون کے پودے اور ایک لاکھ بیج فراہم کرنے کا اعلان کیا۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے درمیان وزیر اعظم ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات ہوئی اور بعد ازاں دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح وفود کی سطح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)



وزیر اعظم شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے

## وزیر اعظم نے آٹو پالیسی کے مسودے کی منظوری دیدی

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے نئی 5 سالہ آٹو پالیسی 31-2026 کے مسودے کی منظوری دے دی ہے جبکہ پالیسی کی حتمی منظوری کیلئے اسے جلد وفاقی کابینہ میں پیش کیا جائیگا۔ ذرائع کے مطابق وزارت قانون کے حکام نے وزیر اعظم شہباز شریف کو نئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

### ایل پی جی کی قیمت میں دو روز کے دوران 150 روپے فی کلو اضافہ

گیس 600 روپے فی کلو فروخت ہونے لگی، اوگرا نے اکتوبر کے لیے سرکاری قیمت 279.34 روپے مقرر کر رکھی ہے

کراچی (این این آئی) شہر میں مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی قیمت میں دو روز کے دوران 150 روپے فی کلو اضافہ ہو گیا، جس کے بعد فی کلو قیمت 550 روپے سے بڑھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

### سعید آباد پولیس ٹریننگ سینٹر کی چھت کا پلستر گرنے سے 2 خواتین اہلکار زخمی

بیرک کے کمرے نمبر 33 میں حادثہ، زخمی اہلکاروں کو نجی اسپتال میں طبی امداد کے بعد واپس بھیج دیا گیا

کراچی (این این آئی) سعید آباد پولیس ٹریننگ سینٹر کی بیرک کے ایک کمرے کی چھت کا پلستر گرنے سے دو خواتین پولیس اہلکار زخمی ہو گئیں، جنہیں طبی امداد کے لیے نجی اسپتال منتقل کیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

### کراچی: اسٹیل مل سے لوہا چوری کرنے والے 3 ملزمان گرفتار

بن قاسم پولیس کی کارروائی، 40 کلوگرام لوہے کی پلیٹیں اور موٹر سائیکل برآمد، ملزمان کے خلاف مقدمات درج

کراچی (این این آئی) بن قاسم پولیس نے پاکستان اسٹیل مل سے لوہے کی پلیٹیں چوری کرنے کے الزام میں تین ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 40 کلوگرام لوہے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

### کراچی: پرس چھین کر فرار ہونے والے 2 مبینہ ڈاکو شہری کی گاڑی کی ٹکر سے زخمی

کراچی (این این آئی) راشد منہاس روڈ پر سینٹرم شاپنگ مال کے قریب شہری سے پرس چھین کر فرار ہونے والے دو مبینہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

### کراچی میں رکشہ گینگ کے 3 ملزمان گرفتار، ایک زخمی

کراچی (این این آئی) ایسٹ پولیس نے بلوچ پل کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے بعد گوپانگ رکشہ گینگ کے تین ملزمان کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

### کراچی: گلشن بہار اور ملحقہ علاقوں میں پولیس کا سرچ آپریشن

کراچی (این این آئی) ضلع ویسٹ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے سلسلے میں تھانہ پاکستان بازار کی حدود (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

## وزیر اعلیٰ سندھ سے جرمن قونصل جنرل کی ملاقات

صدر آصف علی زرداری کے ممکنہ دورہ جرمنی پر تبادلہ خیال، وزیر اعلیٰ سندھ بھی اس دورے میں صدر مملکت کے ہمراہ جانے والے وفد کا حصہ ہونگے

ترجمان وزیر اعلیٰ سندھ عبدالرشید چنا کے مطابق اس موقع پر معاونِ خصوصی برائے سرمایہ کاری سید قاسم نوید، سیکریٹری ٹوسی ایم آصف جمیل اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے جرمن قونصل جنرل تھامس ای شلٹز نے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ایک اہم ملاقات کی ہے جس میں صدر مملکت آصف علی زرداری کے آئندہ دورہ جرمنی، دوطرفہ اقتصادی روابط، تجارتی و ترقیاتی تعاون کے فروغ اور ماحولیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صدر مملکت آصف علی زرداری کے دورہ جرمنی کے حوالے سے اہم امور پر بات چیت کی گئی اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)



وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں جرمن قونصل جنرل مسٹر تھامس ای شلٹز سے ملاقات کی

### والدہ کا شناختی کارڈ نہ ہونے پر بچے کا ب فارم کیسے بنے گا؟ نادرا کی وضاحت

شناختی کارڈ پہلے جاری ہو چکا ہو تو نمبر یا بائیومیٹرک تصدیق کافی ہو سکتی ہے

کارڈ کبھی نہ بنا ہو تو خاندانی ریکارڈ مکمل کرنا ضروری ہے، ترجمان

کراچی (این این آئی) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے وضاحت کی ہے کہ والدہ کا شناختی کارڈ موجود نہ ہونے کی صورت میں بچے کے ب فارم کے اجرا کا طریقہ اس بات پر منحصر ہے کہ والدہ کا شناختی کارڈ پہلے جاری ہو چکا ہے یا کبھی بنا ہی نہیں۔ نادرا کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

### میر رضا کیس پولیس کیلئے سبق ہے، تحقیقات میں احتیاط برتی جائے، شرجیل میمن

جوڈیشل کمیشن کی سفارشات پر عمل درآمد ہوگا، کوتاہی کے مرتکب افراد کو سزا ملے گی

کسی ایک کی غلطی پورے محکمے سے منسوب کرنا زیادتی ہے، سینئر وزیر سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ میر رضا کیس میں جوڈیشل کمیشن کی سفارشات پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا اور جس کی کوتاہی ثابت ہوئی، اسے سزا ملے گی، تاہم کسی ایک فرد کی غلطی کو پورے محکمے کی غلطی قرار دینا زیادتی ہوگی۔ نجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

### تھرپارکر میں رینجرز کا مفت طبی کیمپ، 721 سے زائد مریضوں کا معائنہ

نگر پارکر میں مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹروں کی خدمات، مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی اور لیبارٹری ٹیسٹ بھی کیے گئے

تھرپارکر (این این آئی) پاکستان رینجرز (سندھ) اور غیر سرکاری تنظیم ابتکار راہ روشن کے اشتراک سے تھرپارکر کے دور افتادہ علاقے نگر پارکر میں مفت طبی کیمپ لگایا گیا، جہاں 721 سے زائد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

### کورنگی میں اسٹریٹ کرائم میں ملوث دو سگے بھائی گرفتار، تیسرا ساتھی فرار

کراچی (این این آئی) زمان ٹاؤن پولیس نے کورنگی ساڑھے تین نمبر پر اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث دو سگے بھائیوں کو گرفتار کر لیا، جبکہ ان کا تیسرا ساتھی تاحال فرار ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے چند روز قبل کورنگی ساڑھے تین نمبر پر گھر کے باہر کھڑے دو افراد کو اسلحے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

### حج و عمرہ زائرین کی ویکسین مہنگے داموں خریدنے کا الزام

بارڈر ہیلتھ سروسز کے سربراہ سمیت 3 افسران گرفتار، ایف آئی اے کی کراچی میں کارروائی، گرفتار ملزمان کو اسلام آباد منتقل کیا جا رہا ہے، وزیر اعظم نے معاملے کی تحقیقات کے لیے انکوائری کمیٹی بھی قائم کر دی

کراچی (این این آئی) حج و عمرہ زائرین کے لیے ویکسین کی خریداری میں مبینہ بے ضابطگیوں کے معاملے پر وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے کراچی میں کارروائی کرتے ہوئے بارڈر ہیلتھ سروسز کے سربراہ ڈاکٹر عابد شاہ سمیت تین افسران کو گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

### کراچی میں ہندو برادری کا مذہبی تہوار نوراتری اختتام پذیر، دسہرہ منایا گیا

ماتا ڈرگا کی پوجا، مندروں میں خصوصی آرتی اور ملک میں امن و خوشحالی کے لیے دعائیں، گربا اور ڈانڈیا رقص نے تہوار کو ثقافتی رنگ دے دیا

کراچی (این این آئی) شہر میں ہندو برادری کا مذہبی تہوار نوراتری نوراتوں کی عبادات اور پوجا پاٹ کے بعد دسویں روز وجے دشمی اور دسہرہ کے تہوار کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

### کراچی میں پولیس مقابلے، 7 زخمیوں سمیت 12 ملزمان گرفتار

شرافی گوٹھ، نارتھ ناظم آباد، بلوچ کالونی اور دیگر علاقوں میں کارروائیاں

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس اور مبینہ ڈاکوؤں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)




اے کے ڈی سیکیورٹیز کی چیئرپرسن حنا ڈھیڈی جنید اور سی ای او محمد فرید عالم لندن میں بہترین ریٹیل بروکر کا ایوارڈ وصول کر رہے ہیں

## AKD سیکیورٹیز کو مارکیٹس ایوارڈز بہترین ریٹیل بروکر قرار

ایوارڈ کمپنی کی چیئرپرسن حنا ڈھیڈی جنید اور سی ای او محمد فرید عالم نے لندن کے معروف مینڈارن اورینٹل ہائیڈ پارک ہوٹل میں وصول کیا

اے کے ڈی سیکیورٹیز کو پاکستان کے بہترین ریٹیل بروکر کا اعزاز ملنا کمپنی کے لیے ایک اہم کامیابی ہے، روح رواں عقیل کریم ڈھیڈی

کراچی (علیم نواب خان) اے کے ڈی سیکیورٹیز لمیٹڈ کو یوئیٹی مارکیٹس ایوارڈز 2026ء میں پاکستان کا بہترین ریٹیل بروکر قرار دیتے ہوئے اعزاز سے نوازا گیا۔ یہ ایوارڈ مالیاتی شعبے سے وابستہ اداروں کی کارکردگی اور خدمات کے اعتراف میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران دیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

## ایکسپورٹ فیسلی ٹیشن اسکیم جاری رکھنے کا خیر مقدم، سید ضیا علمدار حسین

مقامی خام مال پر زیرو ریٹنگ بحال اور خام کپاس، کاٹن یارن و گرے فیبرک کو اسکیم میں دوبارہ شامل کیا جائے

سیلز ٹیکس ریفنڈز میں تاخیر سے برآمد کنندگان کے سرمائے پر دباؤ بڑھ رہا ہے، مرکزی چیئرمین پی ایچ اے



کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (پی ایچ ایم اے) کے مرکزی چیئرمین سید ضیاء علمدار حسین نے حکومت پاکستان کی جانب سے ایکسپورٹ فیسلیٹیشن اسکیم (ای ایف ایس) جاری رکھنے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے برآمدات کے فروغ، کاروباری برادری کو سہولت فراہم کرنے اور ملک کی برآمدات پر مبنی صنعتوں کو مضبوط بنانے کی جانب ایک مثبت قدم قرار دیا ہے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ ایکسپورٹ فیسلیٹیشن اسکیم کو ایس آر او 957(I)/2021 کے تحت اس کی اصل شکل میں بحال کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

## ٹھٹھہ: موبائل فون نہ دلانے پر 14 سالہ بیٹے کے ہاتھوں باپ قتل

قینچی کے وار سے 58 سالہ والد جاں بحق، واقعے کے بعد ملزم فرار، پولیس کی تلاش جاری

ٹھٹھہ (این این آئی) ٹھٹھہ میں موبائل فون خرید کر نہ دینے پر 14 سالہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

## برآمدات کے فروغ کیلئے پوٹ پروگرام کی منظوری خوش آئند اقدام

پروگرام کو شفاف، مؤثر اور قابلِ پیمائش اہداف کا نظام بنایا جائے، چوہدری خادم حسین

تمام منصوبوں، زمین کی فراہمی، یوٹیلیٹی کنکشنز اور منظوریوں کیلئے واضح مدت مقرر کی جائے



لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر چوہدری خادم حسین نے پنجاب کابینہ کی جانب سے صنعتی ترقی اور برآمدات کے فروغ کے لیے پوٹ پروگرام کی منظوری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس پروگرام کی حقیقی کامیابی کے لیے شفافیت، مسلسل مشاورت، کاروباری برادری سے مسلسل رابطے اور قابلِ پیمائش اہداف کا تعین ضروری ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ اس پروگرام کے تحت 1,995 ارب روپے کی متوقع سرمایہ کاری، جس میں 1,089 ارب روپے نجی اور 906 ارب روپے سرکاری سرمایہ کاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

## بارکوڈ اسکینرز میں سیکیورٹی خامیاں، گوداموں کے نظام پر سائبر حملوں کا خدشہ

وائرلیس رابطے میں شناخت کی مؤثر تصدیق نہ ہونے سے حملہ آور کاروباری نیٹ ورک تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں، کیسپر سکی

کراچی (این این آئی) عالمی سائبر سیکیورٹی کمپنی کیسپر سکی نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)



اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آئی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں۔ اس موقع پر آئی سی آئی کے سابق صدر محمد اعجاز عباسی اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین عباس ہاشمی، شاہد عباسی، محمد نعمان محمد خورشید اور زوہیب ارشد ملک بھی موجود ہیں۔

# پاکستان و روس سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے نجی شعبے کا مؤثر کردار ناگزیر

فیصل نیاز ترمذی

پاکستان اور روس کے اقتصادی تعلقات مضبوط بنانے کے لیے مشترکہ منصوبوں اور کاروباری تعاون کو فروغ دینا ہوگا، ذکریا اکبر ضیاء

محمد اعجاز عباسی، چوہدری مسعود، عباس ہاشمی، شاہد عباسی، محمد نعمان، محمد خورشید، زوہیب ارشد ملک اور اسرار مشوانی سمیت کاروباری برادری کے دیگر نمائندے موجود

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے کہا ہے کہ پاکستان اور روس کو تجارت کے غیر استعمال شدہ مواقع سے آگے بڑھتے ہوئے مضبوط اور نتیجہ خیز کاروباری شراکت داری قائم کرنی چاہیے تاکہ دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون کے وسیع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

### کراچی: بیوی پر تیزاب پھینکوانے کے مقدمے میں شوہر کی ضمانت منظور

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت وسطی نے بیوی پر تیزاب پھینکوانے کے مقدمے میں نامزد شوہر اویس کی ضمانت منظور کر لی اور اسے 50 ہزار روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرانے کا حکم دے دیا۔ مقدمے کی سماعت کے دوران پولیس کے مطابق ملزم اویس نے اپنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

### کورنگی میں اسٹریٹ کرائم میں ملوث دو سگے بھائی گرفتار، تیسرا ساتھی فرار

کراچی (این این آئی) زمان ٹاؤن پولیس نے کورنگی ساڑھے تین نمبر پر اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث دو سگے بھائیوں کو گرفتار کر لیا، جبکہ ان کا تیسرا ساتھی تاحال فرار ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے چند روز قبل کورنگی ساڑھے تین نمبر پر گھر کے باہر کھڑے دو افراد کو اسلحے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)




گیانا: آئی ایم سی او ورلڈ کپ 40 کرکٹ میں پاکستان کی اپنے دوسرے میچ میں انڈیا کے خلاف 8 وکٹوں سے شاندار کامیابی، کپتان جنید نینی تال والا کا انڈین ٹیم کے کپتان کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

روزنامہ
قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰن ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON
VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

## دنیا میں بڑھتی بے چینی۔۔۔۔!

بڑھتی مہنگائی، خصوصاً بجلی، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے، تعلیمی اداروں کے مسائل اور ہاؤسنگ بحران کے خلاف فرانس میں شروع ہونے والے پُرتشدد مظاہروں کے ساتھ دیگر یورپی ممالک میں بھی احتجاجی سرگرمیاں شدت اختیار کر گئی ہیں۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق فرانس کے علاوہ اٹلی اور البانیہ میں بھی مظاہرین سڑکوں پر نکل آئے، جبکہ پرتگال اور سپین میں مہنگائی اور رہائشی بحران کے خلاف بڑے مظاہرے کیے گئے۔ بعض مقامات پر پولیس اور مظاہرین کے درمیان شدید جھڑپیں ہوئیں، سرکاری و نجی املاک کو نقصان پہنچا اور متعدد افراد کو حراست میں لیا گیا۔ فرانسیسی وزارتِ داخلہ کے مطابق 17 اکتوبر کو ملک بھر میں ہونے والے مظاہروں میں تقریباً ساڑھے پانچ لاکھ افراد شریک ہوئے۔ احتجاج کے دوران بعض مقامات پر توڑ پھوڑ، لوٹ مار اور پولیس سے جھڑپوں کے واقعات پیش آئے۔ مختلف شہروں میں لگژری برانڈز کی دکانوں، سپر مارکیٹوں، ملبوسات کی دکانوں، فارمیسیوں اور سرکاری عمارتوں کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ گاڑیوں کو آگ لگانے اور پولیس پر حملوں کی اطلاعات بھی سامنے آئیں۔ پیرس، مارسیلز، بورڈو اور لیون سمیت متعدد شہروں میں دکانوں کے شیشے توڑے گئے اور سامان لوٹا گیا۔ فرانسیسی شہر لیموژ میں تاریخی بلدیاتی عمارت کو آگ لگنے سے شدید نقصان پہنچا، جبکہ بعض تعلیمی ادارے بھی متاثر ہوئے۔ فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون نے پُرتشدد واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ لوٹ مار کرنے والوں کو نقصان کی ذمہ داری قبول کرنا ہوگی اور ریاستی اداروں پر حملوں میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ رائٹرز کے مطابق فرانس کے مختلف شہروں کے متاثرہ علاقوں میں جزوی کرفیو نافذ کیا گیا، حکام نے اَمن و امان برقرار رکھنے کے لئے پولیس کی نفری میں اضافے اور متاثرہ کاروباروں کو مالی معاونت فراہم کرنے کے اقدامات بھی کیے۔ 19 اکتوبر کی رپورٹ کے مطابق 2,500 افراد کو تفتیش کے لئے حراست میں رکھا گیا تھا جبکہ 149 افراد مقدمے کی کارروائی کے انتظار میں زیرِ حراست تھے۔ صدر میکرون نے وزیرِ داخلہ کے استعفیٰ دینے کی پیشکش کو مسترد کر کے اُنہیں اپنے فرائض انجام دیتے رہنے کی ہدایت کی۔ احتجاجی سرگرمیوں کا آغاز ستمبر میں پیرس کے شمالی نواحی علاقوں کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی کمی اور سکولوں کی خراب سہولتوں کے خلاف ہونے والے مظاہروں سے ہوا تھا۔ بعدازاں طلبہ، مزدور تنظیموں اور دیگر شہریوں کی شرکت سے یہ احتجاج وسیع تر ہو گیا اور اس میں مہنگائی، توانائی کی بلند قیمتوں، عوامی خدمات کے معیار اور معاشی مشکلات کے خلاف مطالبات بھی شامل ہو گئے۔ بڑھتے ہوئے توانائی اخراجات نے پہلے ہی کئی شعبوں کو متاثر کر رکھا ہے جبکہ فرانس کے سرکاری مالیاتی مسائل حکومت کے لئے عوام کو مزید معاشی ریلیف دینے کی گنجائش محدود کر رہے ہیں۔ البانیہ میں بھی حکومت مخالف مظاہرے جاری ہیں۔ دارالحکومت ترانا میں طلبہ اور شہریوں نے بدعنوانی، روزگار کی کمی، تعلیمی معیار اور عوامی خدمات سے متعلق مسائل پر احتجاج کرتے ہوئے وزیرِاعظم سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا۔ مظاہروں کے دوران پولیس اور احتجاجی افراد کے درمیان جھڑپیں ہوئیں۔ مظاہرین بدعنوانی کے خاتمے اور بنیادی سہولتوں کی بہتری کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ اٹلی کے شہر میلان سمیت بعض دوسرے شہروں میں بھی مہنگائی، کم اجرتوں، تعلیم، صحت اور رہائش کے مسائل کے خلاف احتجاجی مظاہرے پُرتشدد شکل اختیار کر گئے۔ میلان میں نقاب پوش مظاہرین اور پولیس کے درمیان جھڑپوں، دکانوں میں لوٹ مار اور املاک کو آگ لگانے کے واقعات پیش آئے۔ دوروز کے دوران 271 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ سیکیورٹی اداروں کے 14 اہلکار زخمی ہوئے۔ شہر کے میئر نے پُرامن احتجاج کے حق کو تسلیم کرتے ہوئے تشدد، لوٹ مار اور املاک کو نقصان پہنچانے کی مذمت کی۔ پُرتگال کے دارالحکومت لزبن اور دوسرے بڑے شہر پورٹو میں بھی ہزاروں افراد نے بڑھتے کرایوں، رہائش کی عدم دستیابی، کم اجرتوں اور روزمرہ اخراجات کے خلاف مارچ کیا۔




# محتسبِ اعلیٰ سہیل راجپوت کی کھلی کچہری میں شکایات کے انبار

**پنشنرز، اساتذہ اور شہریوں نے مسائل پیش کر دیے کنٹریکٹ ملازمین کی برطرفیوں، مبینہ رشوت ستانی اور تنخواہوں کی عدم ادائیگی کی شکایات، مسائل کے فوری حل کی یقین دہانی**



کنری (رپورٹ رضوان مغل) صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ محمد سہیل راجپوت کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس عمرکوٹ میں کھلی کچہری منعقد کی گئی، جہاں ریجنل ڈائریکٹر صوبائی محتسب میر پور خاص سید امداد علی شاہ نے شہریوں، سرکاری ملازمین، پنشنرز اور اساتذہ کی شکایات سنیں۔ اس موقع پر مختلف سرکاری محکموں سے متعلق 20 سے 25 درخواستیں پیش کی گئیں، جن میں پنشن اور تنخواہوں کی عدم ادائیگی، سرکاری امور میں تاخیر، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

## میر پور خاص اسپیشل برانچ سے منتقل ہونے والے ایس آئی محمد اختر اور کانسٹیبل محمد دانیال ضلع میر پور خاص میں تعینات



میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میر پور خاص اسپیشل برانچ سے منتقل ہونے والے ایس آئی محمد اختر اور کانسٹیبل محمد دانیال ضلع میر پور خاص میں تعینات میر پور خاص سندھ پولیس کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس میر پور خاص رینج کی جانب سے جاری کردہ احکامات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

## میر پور خاص تعلیمی بورڈ کا انرولمنٹ کارڈ کے اجراء کیلئے "ب" فارم لازمی قرار

**نویں اور گیارہویں جماعت میں زیرِ تعلیم ہزاروں طلباء وطالبات پریشانی کا شکار**

**ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ میر پور خاص**

**سرکاری اعلان**

**نویں اور گیارھویں جماعت کا اندراج | ب فارم کی شرط**

**عارضی رعایت — تعلیمی سیشن | 2026-2027**

تعلیمی اداروں کی بار بار درخواستوں کے پیش نظر، بورڈ نے اپنی پالیسی میں نرمی کرتے ہوئے آن لائن فارم میں ب فارم نمبر درج کرنے کی لازمی شرط عارضی طور پر ختم کر دی ہے۔ تاہم ب فارم فراہم کرنے کی شرط برقرار ہے۔

**تعلیمی اداروں کی ذمہ داری**

یہ رعایت تعلیمی اداروں اور عوامی نمائندوں کی درخواستوں پر نیک نیتی سے دی جا رہی ہے۔ تاہم درخواست گزاروں کی شہریت اور بطور امیدوار ان کی قانونی اہلیت کی تصدیق کی ذمہ داری متعلقہ تعلیمی اداروں پر ہوگی۔

**عارضی اندراج**

اندراج عارضی ہوگا۔ اس کی حتمی تصدیق بورڈ کو ب فارم فراہم کرنے اور، جہاں قابل اطلاق ہو، بورڈ کے پورٹل پر متعلقہ معلومات درج کرنے کے بعد ہی کی جائے گی۔

تمام تعلیمی اداروں کے سربراہان سے گزارش ہے کہ، جن امیدواروں کے ب فارم نمبر درج نہیں کیے گئے، ان کے ب فارم بورڈ کے دفتر میں 10 دسمبر 2026 تک جمع کروائیں۔

**ب فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ**
**10 دسمبر 2026**

ب فارم جمع نہ کروانے کی صورت میں امیدوار کا انرولمنٹ کارڈ جاری نہیں کیا جائے گا۔

**لازمی شرط — تعلیمی سیشن | 2027-2028**

اس سیشن سے امیدوار کا ب فارم اندراج کے لیے لازمی ہوگا۔

سیکرٹری
ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ میرپور خاص

**تمام تعلیمی اداروں کے سربراہان اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے لیے**

کنری (رپورٹ رضوان مغل) میر پور خاص تعلیمی بورڈ کا انرولمنٹ کارڈ کے اجراء کے لئے "ب" فارم لازمی قرار دینے کی شرط کے باعث نویں اور گیارہویں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

## سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے فاؤنڈیشن اسکولڈ خان پبلک اسکول کی جانب سے اساتذہ کے اعزاز میں پُروقار عشائیہ

میر پور خاص (بیورو چیف) سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن حکومتِ سندھ کے تعاون سے چلنے والے فاؤنڈیشن اسکولڈ خان پبلک اسکول کی انتظامیہ کی جانب سے یومِ اساتذہ کی تقریبات کے سلسلے میں گزشتہ شب میر پور خاص کے مہار ہوٹل میں اسکول کے تمام اساتذہ کے اعزاز میں ایک پُروقار عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کا انعقاد اسکول کے اونر شیخ محمد درس اور خان محمد درس کی جانب سے کیا گیا۔ جس میں سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن میر پور خاص ڈویژن کے ریجنل ہیڈ امام بخش آریسر، آل پرائیویٹ اسکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن میر پور خاص ریجن کے صدر فیصل خان زئی اور پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (PFUJ) میر پور خاص ڈویژن کے ڈویژنل جوائنٹ سیکریٹری و سینئر صحافی اشفاق احمد اشفی نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں اسکول انتظامیہ کی جانب سے معزز مہمانوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

## نیب کراچی کی کارروائی، سابق اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر ممتاز علی چنہ حراست میں لے لیے گئے

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) نیب کراچی کی کارروائی، سابق اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر ممتاز علی چنہ حراست میں لے لیے گئے میر پور خاص نیب کراچی کی ٹیم نے میر پور خاص میں کارروائی کرتے ہوئے ایم اے جناح روڈ سے سابق اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر ممتاز علی چنہ کو حراست میں لے لیا۔ اطلاعات کے مطابق ان کی گرفتاری کا تعلق سال 2011ء میں ضلع ٹھٹھہ میں تعیناتی کے دوران شروع ہونے والی ایک انکوائری سے ہے ذرائع کے مطابق مذکورہ کیس طویل عرصے سے زیرِ تفتیش تھا اور کراچی میں زیرِ سماعت بتایا جاتا ہے۔ وارنٹ جاری ہونے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

## درگاہ لشکر شاہ خراسانی اور مری قبیلے کے خلاف نازیبا بیان، ہزاروں افراد کا مقامی پریس کلب پر احتجاج، رئیس دریا خان مری کا شرکاء سے خطاب



میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میر پور خاص درگاہ حضرت سید لشکر شاہ خراسانی کے گادی نشین سید عبداللہ شاہ خراسانی اور مری قبیلے کے متعلق محمد خان جونیجو کے نازیبا بیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

## ہائیکورٹ ایمپلائز الیون نے ٹیم سجاس کو 83 رنز سے شکست دیدی، فاتح ٹیم کے ہارون مروت اور ساجد علی پیچو ہونے بالترتیب 102 اور 53 رنز اسکور کئے

کراچی (اسپورٹس رپورٹر/کاشف احمد فاروقی) نیا ناظم آباد اسٹیڈیم کراچی میں اسپورٹس جرنلسٹس ایسوسی ایشن آف سندھ (سجاس) اور سندھ ہائیکورٹ ایمپلائز الیون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



## قومی سطح کے STEAME مقابلوں میں طالب المولیٰ ہائی اسکول میمن کنری کی شاندار کامیابی، اساتذہ اور طلبہ کو خراجِ تحسین




کنری (رپورٹ رضوان مغل) اسلام آباد میں قومی سطح پر منعقد ہونے والے STEAME مقابلوں میں طالب المولیٰ ہائی اسکول میمن کنری کی ٹیم نے ملک بھر کے 22 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

## مرکزی تنظیم تاجران وفد کی ایس ایس پی ساجد امیر سدوزئی سے ملاقات شہر کی صورتحال اور مشتبہ کے خلاف پولیس کی کاروائیوں پر اطمینان کا اظہار

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) مرکزی تنظیم تاجران وفد کی ایس ایس پی ساجد امیر سدوزئی سے ملاقات شہر کی صورتحال اور مشتبہ کے خلاف پولیس کی کاروائیوں پر اطمینان کا اظہار تفصیلات کے مطابق مرکزی تنظیم تاجران چیئرمین حاجی عثمان قریشی صدر کامران میمن کی قیادت میں وفد نے ایس ایس پی آفس میں ایس ایس پی ساجد امیر سدوزئی سے ملاقات کی اور شہر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

## شرح تبادلہ

| کرنسی | قیمت خرید | قیمت فروخت |
|---|---|---|
| امریکی ڈالر | 279.00 | 279.40 |
| یورو | 321.18 | 326.17 |
| برطانوی پونڈ | 371.49 | 375.25 |
| امارات درہم | 75.95 | 76.75 |
| سعودی ریال | 74.30 | 74.95 |
| کویتی دینار | 885.17 | 895.85 |
| کینیڈین ڈالر | 195.60 | 198.00 |
| آسٹریلین ڈالر | 176.25 | 178.50 |
| عمانی ریال | 724.50 | 733.00 |
| جاپانی ین | 1.91 | 1.97 |
| ملائیشین رنگٹ | 62.18 | 62.78 |
| قطری دینار | 76.18 | 76.88 |
| بحرین دینار | 740.30 | 748.30 |
| بانگ کانگ ڈالر | 36.24 | 36.59 |
| سنگاپور ڈالر | 210 | 212 |
| بھارتی روپیہ | 3.12 | 3.21 |

## ٹرینوں کی آمد و رفت



| | | |
|---|---|---|
| علامہ اقبال ایکسپریس | 2:15 | 8:10 |
| ہزارہ ایکسپریس | 7:35 | 11:45 |
| عوام ایکسپریس | 7:00 | 7:16 |
| سکھر ایکسپریس | 11:10 | 7:10 |
| کراچی ایکسپریس | 6:00 | 11:45 |
| بہاؤالدین زکریا | 6:30 | 8:50 |
| شالیمار ایکسپریس | 6:00 | 11:45 |
| پاکستان ایکسپریس | 1:30 | 8:35 |
| گرین لائن | 10:00 | 1:55 |
| تیز گام | 5:30 | 9:55 |

## نرخ نامہ برائے پولٹری

| نام | قیمت |
|---|---|
| برائلر مرغی | 398/kg |
| برائلر مرغی کا گوشت | 635/kg |
| انڈے (فارم) ہول سیل | 244/Dozen |
| انڈے (فارم) ریٹیل | 260(Dozen) |

## نماز ٹائمنگ

| | |
|---|---|
| فجر | 05:10 am |
| ظہر | 01:30 pm |
| عصر | 05:45 pm |
| مغرب | غروب آفتاب |
| عشاء | 09:15 pm |

## GOLD RATE

| | |
|---|---|
| سونا 24K-(10 گرام) | 387,517 |
| سونا 24K-(فی تولہ) | 452,000 |
| سونا 22K-(10 گرام) | 355,224 |
| سونا 22K-(فی تولہ) | 414,440 |
| چاندی-(10 گرام) | 5824 |

# International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

## امارات کے صدر عزت مآب شیخ محمد بن زاید النہیان اور سنگاپور کے وزیراعظم لارنس وونگ کا امارات سنگاپور جامع شراکت داری پر اہم اجلاس

**ملاقات سنگاپور کے وزیراعظم کے سرکاری دورہ امارات کے موقع پر ہوئی، صدر امارات نے امید ظاہر کی کہ یہ دورہ دونوں ممالک اور ان کے عوام کے مفاد میں مختلف شعبوں میں تعلقات کو مزید آگے بڑھانے میں معاون ہوگا**

**ملاقات اور ضیافت میں ابوظہبی کے ولی عہد عزت مآب شیخ خالد بن محمد بن زاید النہیان، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ عزت مآب شیخ عبداللہ بن زاید النہیان، صدارتی دیوان برائے ترقی و شہداء امور کے نائب چیئرمین عزت مآب**

**شیخ ذیاب بن محمد بن زاید النہیان، صدارتی دیوان برائے خصوصی امور کے نائب چیئرمین عزت مآب شیخ حمدان بن محمد بن زاید النہیان، صدر مملکت کے مشیر شیخ محمد بن حمد بن طحنون النہیان اور متعدد وزراء و حکام نے شرکت کی**





ابوظہبی (بزنس رپورٹر) متحدہ عرب امارات کے صدر عزت مآب شیخ محمد بن زاید النہیان اور سنگاپور کے وزیراعظم لارنس وونگ نے امارات سنگاپور جامع شراکت داری کے تحت دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات سنگاپور کے وزیراعظم کے سرکاری دورہ امارات کے موقع پر ہوئی۔ صدر امارات نے امید ظاہر کی کہ یہ دورہ دونوں ممالک اور ان کے عوام کے مفاد میں مختلف شعبوں میں تعلقات کو مزید آگے بڑھانے میں معاون ہوگا۔ دونوں جانب سے معیشت، سرمایہ کاری، تعلیم، جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، اختراع اور قابل تجدید توانائی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع کا جائزہ لیا گیا، جو دونوں ممالک کی ترقیاتی ترجیحات سے ہم آہنگ ہیں۔ ملاقات میں دسمبر 2026 میں متحدہ عرب امارات کی میزبانی میں ہونے والی اقوام متحدہ کی آبی کانفرنس اور آبی چیلنجز سے نمٹنے اور پائیدار آبی انتظام کے فروغ میں اس کے کردار پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر گفتگو کرتے ہوئے پائیدار ترقی اور خوشحالی کے لیے مکالمے اور استحکام کی اہمیت پر زور دیا۔ صدر عزت مآب شیخ محمد بن زاید نے کہا کہ امارات اور سنگاپور کے درمیان مضبوط تعلقات کامیاب ترقیاتی ماڈلز، پرامن بقائے باہمی، تعلیم اور انسانی سرمایہ کاری سمیت متعدد مشترکہ اقدار پر قائم ہیں۔ دونوں ممالک عالمی امن و استحکام کے فروغ کے لیے بھی یکساں عزم رکھتے ہیں۔ وزیراعظم لارنس وونگ نے پرتپاک استقبال پر صدر امارات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امارات اور سنگاپور کے تعلقات میں مسلسل پیش رفت کو سراہا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں کی موجودگی میں اعلیٰ تعلیم، صحت اور مشترکہ توانائی ٹاسک فورس سے متعلق مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ کیا گیا، جن کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان جامع شراکت داری کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ امارات کی جانب سے وزیر مملکت سعید بن مبارک الہاجری اور سنگاپور کی جانب سے وزارت خارجہ اور وزارت داخلہ کے وزیر مملکت ذوالقرنین عبدالرحیم نے کیا۔ سنگاپور کے وزیراعظم نے وی آئی پی مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات بھی قلم بند کیے، جبکہ صدر امارات نے ان کے اور ان کے ہمراہ وفد کے اعزاز میں ضیافت کا اہتمام کیا۔ ملاقات اور ضیافت میں ابوظہبی کے ولی عہد عزت مآب شیخ خالد بن محمد بن زاید النہیان، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ عزت مآب شیخ عبداللہ بن زاید النہیان، صدارتی دیوان برائے ترقی و شہداء امور کے نائب چیئرمین عزت مآب شیخ ذیاب بن محمد بن زاید النہیان، صدارتی دیوان برائے خصوصی امور کے نائب چیئرمین عزت مآب شیخ حمدان بن محمد بن زاید النہیان، صدر مملکت کے مشیر شیخ محمد بن حمد بن طحنون النہیان اور متعدد وزراء و حکام نے شرکت کی۔



### بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

مالی معاملات اور عوامی سہولیات سے متعلق مسائل شامل تھے۔شکایت کنندگان نے ٹریژری آفس میں پنشن کے حصول کے دوران پیش آنے والی مشکلات اور مبینہ رشوت طلبی کی شکایات کرتے ہوئے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا، جبکہ نئے بھرتی ہونے والے اساتذہ نے چھ ماہ سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود تنخواہیں نہ ملنے پر تشویش کا اظہار کیا۔میونسپل کمیٹی سمیت مختلف سرکاری اداروں میں کنٹریکٹ ملازمین کو فارغ کرنے اور مبینہ طور پر من پسند افراد کو تعینات کرنے کی شکایات بھی سامنے آئیں۔صدر پریس کلب عمرکوٹ امین میمن نے آٹے کی من مانی قیمتوں، اشیائے ضروریہ پر اضافی وصولیوں، واٹر سپلائی کے ذریعے مبینہ آلودہ پانی کی فراہمی اور پٹرول کی کم مقدار فراہم کرنے سمیت شہریوں کو درپیش مسائل پیش کیے۔شہریوں نے سابقہ کھلی کچہری میں اٹھائے گئے مسائل حل نہ ہونے پر بھی تشویش ظاہر کرتے ہوئے محض یقین دہانیوں کے بجائے عملی اقدامات کا مطالبہ کیا۔ ریجنل ڈائریکٹر سید امداد علی شاہ نے شکایات پر متعلقہ افسران سے وضاحتیں طلب کرتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں اور یقین دہانی کرائی کہ عوامی شکایات کا قانون اور میرٹ کے مطابق جائزہ لے کر ان کے ازالے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری امور میں غفلت اور غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور عوام کو شفاف و بروقت خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ کھلی کچہری میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عمران آرائیں، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر محمد اشرف جانوری، ایڈیشنل رجسٹرار محمد حنیف پنہور، محکمہ تعلیم، صحت، زراعت، بلدیات اور دیگر محکموں کے افسران نے شرکت کی۔شہریوں نے مطالبہ کیا کہ سرکاری محکموں میں بدانتظامی، مبینہ رشوت ستانی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے کیے گئے وعدوں پر مؤثر عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔

### بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾

کے درمیان کھیلے جانے والے دوستانہ میچ میں ہائیکورٹ الیون نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ اوورز میں دو وکٹوں کے نقصان پر 247 رنز بنائے، ہارون خان مروت 3 چھکوں اور 14 چوکوں کی مدد سے یادگار سنچری کے ساتھ 102 رنز پر ناٹ آؤٹ رہے، ساجد علی پیچو ہونے صرف 14 گیندوں پر برق رفتار 53 اور لوو رمیش شاندار ففٹی اسکور کرنے میں کامیاب رہے، ہدف کے تعاقب میں ٹیم سجاس ہائیکورٹ ایمپلائز الیون کے بولرز کے سامنے زیادہ مزاحمت نہ کرسکی، سجاس کی جانب سے مہمان کھلاڑی کی حیثیت سے کھیلتے ہوئے ممبر سندھ اسمبلی آصف موسیٰ 43 رنز جبکہ حذیفہ خان 33 رنز بنا کر نمایاں رہے، دیگر بیٹرز میں محمد حماد 20، مجاہد سونگی 15 اور شاہد انصاری 14 رنز اسکور کرسکے، ٹیم سجاس مقررہ اوورز میں 7 وکٹوں پر 164 رنز تک محدود رہی، فاتح ٹیم کے منظور احمد نے تین اوور میں 29 رنز کے عوض تین وکٹیں حاصل کیں۔ میچ کے اختتام پر مہمان خاص ممبر سندھ اسمبلی آصف موسیٰ نے کھلاڑیوں سے ملاقات کی۔

### بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾

اور اساتذہ کا پُرتپاک استقبال کیا گیا۔مہمانوں کو پھولوں کے گلدستے، سندھ کی ثقافتی پہچان اجرک اور لنگی کے تحائف پیش کیے گئے، جبکہ مہمانوں کو اسکول کی جانب سے یادگاری شیلڈز بھی دی گئیں۔تقریب کا ایک نمایاں پہلو اساتذہ کی خدمات کا اعتراف تھا۔جس کے تحت فاؤنڈیشن اسسٹنٹ خان پبلک اسکول کے تمام اساتذہ کو ان کی بہترین کارکردگی کے اعتراف میں ایوارڈز پیش کیے گئے۔اس موقع پر اساتذہ کی محنت، لگن اور تعلیمی خدمات کو سراہا گیا۔اسکول انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اساتذہ کی حوصلہ افزائی، معیاری تعلیم کے فروغ اور طلبہ کے روشن مستقبل کے لیے ایسے مثبت اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔تقریب کا مقصد اساتذہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے ساتھ ساتھ تعلیمی ادارے میں باہمی احترام، اتحاد اور ٹیم ورک کے جذبے کو مزید مضبوط بنانا تھا۔یہ پُروقار تقریب اساتذہ کی عزت و تکریم ان کی خدمات کے اعتراف اور تعلیم کے فروغ کے لیے اسکول انتظامیہ کے عزم کی عکاسی تھی۔

### بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾

اسکولوں اور جامعات کے درمیان تیسری پوزیشن حاصل کر کے شاندار کامیابی اپنے نام کر لی۔ اس نمایاں کامیابی پر پاکستان ہیومن رائٹس ویلفیئر فاؤنڈیشن کی ٹیم نے اسکول پہنچ کر پرنسپل، اساتذہ اور کامیاب طلبہ کو مبارک باد پیش کی اور ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے تعلیمی میدان میں ان کی خدمات کو سراہا۔تفصیلات کے مطابق پاکستان ہیومن رائٹس ویلفیئر فاؤنڈیشن کی ٹیم نے چیف آرگنائزر عبدالغنی بالپوٹو کی سربراہی میں طالب المولیٰ ہائی اسکول میمن کنری کا دورہ کیا۔وفد میں تعلقہ صدر درگا داس دیوان، ضلع عمرکوٹ کے نائب صدر محمد مٹھو بھمرو، سینئر ممبر فقیر میمن، نائب صدر ڈاکٹر بھورالال اور سینئر ممبر پیہلاج مل کولہی شامل تھے۔اس موقع پر وفد نے اسکول کے پرنسپل سائیں محمد زاہد آرائیں، اسلام آباد میں منعقدہ مقابلوں میں اسکول کی ٹیم کے لیڈر اور فوکل پرسن سائیں ضیاء الحق سمیت دیگر معزز اساتذہ اور کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ سے ملاقات کی۔فاؤنڈیشن کی ٹیم نے پرنسپل، تمام اساتذہ اور کامیاب طلبہ ویر کمار، ساگر ماڈیول اور عبدالصمد کو پھولوں کے ہار پہنائے اور انہیں قومی سطح پر نمایاں کامیابی حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کی۔اس موقع پر پاکستان ہیومن رائٹس ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیف آرگنائزر، ریجن میرپورخاص اور ضلع عمرکوٹ کے صدر نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ طالب المولیٰ ہائی اسکول میمن کنری کے طلبہ کی یہ کامیابی محض ایک پوزیشن حاصل کرنے تک محدود نہیں، بلکہ یہ ان کی مسلسل محنت، ذہانت، اساتذہ کی بہترین رہنمائی اور علم سے محبت کا روشن ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ اسکول کے طلبہ نے قومی سطح کے مقابلوں میں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کرکے ثابت کردیا ہے کہ سندھ کے نوجوان کسی سے کم نہیں۔ اگر انہیں معیاری تعلیم، بہترین رہنمائی، مناسب مواقع اور حوصلہ افزائی فراہم کی جائے تو وہ نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کا نام روشن کرسکتے ہیں۔

### بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾

میں ٹریفک پولیس اہلکاروں کی کمی بازاروں میں پولیس پیٹرولنگ سمیت خواتین کے بازاروں میں لیڈیز پولیس کی تعیناتی پر توجہ دلائی اس موقع پر مرکزی تنظیم تاجران وفد نے ضلع بھر میں نشئی افراد اور منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کیا اور تاجر برادری کی جانب سے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی اس موقع پر ایس ایس پی ساجد امیر سدوزئی نے مرکزی تنظیم تاجران وفد کی تمام مسائل کو فوری حل کرنے سمیت ٹریفک پولیس کی خامیوں کو فوری حل کرنے کی یقین دہانی کرائی ایس ایس پی ساجد امیر سدوزئی کا کہنا تھا کہ تاجر معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے تاجروں کے ساتھ مل کر شہر میں ٹریفک مسائل سمیت دیگر مسائل کو مشاورت کے ذریعے حل کرنے کے لیے آگے بھی ملاقات جاری رکھی جائینگی اس موقع پر صدر کامران میمن نے ایس ایس پی ساجد امیر سدوزئی کو مرکزی آفس میں آنے کی دعوت بھی دی اس موقع پر وفد نے قرآن پاک اور گلدستہ کا تحفہ ایس ایس پی کو پیش کیا وفد میں کاشف پٹیل سلمان میمن زاہد قائم خانی بشیر الہٰی محمدی یونس چوہان قادر جیلانی احمد علی ذیشان عثمانی عبدالحق چوہان بھی موجود تھے۔

### بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾

بعد نیب کراچی کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے ممتاز علی چنہ کو حراست میں لیا ممتاز علی چنہ میرپورخاص میں ٹاؤن میر شیر محمد تالپور اور ٹاؤن کمیٹی ڈگری سمیت مختلف عہدوں پر خدمات انجام دے چکے ہیں اطلاعات کے مطابق ان کی حالیہ گرفتاری کا تعلق ضلع ٹھٹھہ میں سال 2011ء کے دوران پیش آنے والے معاملے سے ہے۔تاہم کیس کی نوعیت، الزامات کی تفصیلات اور نیب حکام کی جانب سے گرفتاری سے متعلق باضابطہ مؤقف سامنے آنے پر مزید حقائق واضح ہوسکیں گے۔

### بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾

کے خلاف میرپورخاص پریس کلب کے سامنے ہزاروں افراد نے احتجاجی مظاہرہ کیا، احتجاجی مظاہرے کی قیادت مری قبیلے کی نوجوان سیاسی و سماجی شخصیت اور پاکستان پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ٹنڈوالہیار کے وائس چیئرمین رئیس دریا خان مری نے کی جبکہ احتجاج میں درگاہ کے سجادہ نشین سید وارث شاہ خراسانی، سید مصطفیٰ شاہ خراسانی سمیت رئیس محمد خان مری، رئیس جمن مری اور رئیس سائیں دادو مری، ممتاز خاصخیلی، امیر جان مری ہزاروں مریدوں اور مری برادری کے افراد نے شرکت کی۔مظاہرین نے محمد خان جونیجو کے بیان کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر سید عبداللہ شاہ خراسانی سے معافی مانگیں، بصورت دیگر ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے، اس موقع پر مقررین نے اعلان کیا کہ اگر معافی نا مانگی گئی تو احتجاجی مظاہروں کا دائرہ سندھ اور بلوچستان تک وسیع کیا جائے گا۔

### بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

جماعت میں زیرتعلیم ہزاروں طلباء و طالبات پریشانی کا شکار ہو گئے۔تفصیلات کے مطابق: میرپورخاص تعلیمی بورڈ کی جانب سے نویں اور گیارہویں جماعت میں زیرتعلیم طلباء و طالبات کے لئے سال 26.27 کے ان لائن انرولمنٹ کارڈ کے اجراء کے لئے "ب" فارم لازمی قرار دینے کی شرط کے باعث تحصیل کنری سمیت ضلع عمرکوٹ کے ہزاروں طلباء و طالبات جو سرکاری یا نجی اسکولوں میں زیر تعلیم ہیں شدید پریشانی کا شکار ہو گئے ہیں جبکہ تعلیمی بورڈ کے اس فیصلے پر بچوں کے والدین بھی حیران ہیں ان کا کہنا ہے کہ میرپورخاص تعلیمی بورڈ کی جانب سے انرولمنٹ کارڈ کے اجراء کے لئے طلباء و طالبات کا "ب" فارم کو لازمی قرار دینے کا فیصلہ زمینی حقائق و معاشرے کی حقیقت سے مختلف ہے زیرتعلیم طلباء و طالبات میں سینکڑوں بچے ایسے ہیں جن کے والدین بچپن میں فوت ہوگئے ہیں یا انہوں میں علیحدگی ہو گئی جس پر والد یا والدہ نے دوسری شادی کر لی ہے یا نادرا میں والدین کا یا والدہ کا درست اندراج نا ہونے کی وجہ سے "ب" بنانے میں مختلف مسائل کا سامنا ہے انہوں کا مزید کہنا ہے کہ ضلع عمرکوٹ کا شمار سندھ کے پسماندہ اضلاع میں ہوتا ہے جہاں پر شرح خواندگی انتہائی کم ہے اور لوگ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی بسر کر رہے ہیں ایسے صورتحال میں میرپورخاص تعلیمی بورڈ کی جانب سے ایسے فیصلے والدین اور بچوں کو مشکلات سے دوچار کر رہے ہیں جس سے زیرتعلیم طلباء و طالبات کے متاثر ہونے کا اندیشہ ہے انہوں نے وزیر اعلیٰ سندھ۔ وزیر تعلیم سندھ۔ چیئرمین میرپورخاص تعلیمی بورڈ سمیت دیگر اعلی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ "ب" فارم لازمی قرار دینے کے فیصلے پر نظر ثانی کریں اور "ب" فارم نا ہونے کی صورت میں والد۔ والدہ کے قومی شناختی کارڈ یا منتخب عوامی نمائندوں و گزیڈ افسران کے قسم نامہ پر انرولمنٹ کارڈ کا اجراء کریں تاکہ زیرتعلیم طلباء و طالبات سمیت ان کے والدین کو پریشانی سے بچایا جا سکے۔

### بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

کے تحت اسپیشل برانچ سندھ سے میرپورخاص رینج میں منتقل ہو کر آنے والے اے ایس آئی محمد اختر اور کانسٹیبل نمبر 13916 محمد دانیال کو ضلع میرپورخاص میں تعینات کردیا گیا ہے تفصیلات کے مطابق سینٹرل پولیس آفس سندھ، کراچی کے احکامات کی روشنی میں اے ایس آئی محمد اختر کو اسپیشل برانچ سندھ سے میرپورخاص رینج جبکہ کانسٹیبل محمد دانیال کو اسپیشل برانچ سندھ، کراچی سے میرپورخاص رینج میں تبادلہ کیا گیا تھا۔ دونوں اہلکاروں کو ڈی آئی جی اسپیشل برانچ سندھ، کراچی کی جانب سے 13 اکتوبر 2026ء کو ریلیو کیا گیا، جس کے بعد انہوں نے 20 اکتوبر 2026ء کو ڈی آئی جی پی آفس میرپورخاص رینج میں رپورٹ کی۔ڈی آئی جی پی میرپورخاص رینج کیپٹن فیصل عبداللہ چاچڑ، پی ایس پی کی جانب سے 20 اکتوبر 2026ء کو جاری کردہ علیحدہ علیحدہ حکم ناموں کے تحت دونوں اہلکاروں کو فوری طور پر ضلع میرپورخاص میں تعینات کرنے کے احکامات جاری کیے گئے ہیں۔حکم ناموں میں دونوں اہلکاروں کو اپنی نئی جائے تعیناتی پر رپورٹ کرنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے مزید برآں، اے ایس آئی محمد اختر کی تنخواہ کی ادائیگی کے لیے ضلع میرپورخاص میں آسامی خالی ہونے تک ان کا سروس لنک ضلع تھرپارکر، مٹھی میں مقرر کیا گیا ہے۔ متعلقہ پولیس افسران کو احکامات کی نقول ضروری کارروائی اور اطلاع کے لیے ارسال کردی گئی ہیں۔

### بقیہ نمبر 10 ﴿قوم کی آواز﴾

فراہم کرسکتا ہے۔مصری صدر کا یہ بیان اس وقت سامنے آیا ہے جب ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے خبردار کیا ہے کہ مصر سمیت کسی بھی ملک کی یمن جنگ میں فوجی مداخلت اس جنگ کو دور تک پھیلا دے گی۔یاد رہے کہ مصری صدر الفتاح السیسی نے ہفتے کو پارلیمان سے سعودی عرب کو حوثیوں کے خلاف جنگ میں مدد فراہم کرنے کی اجازت دینے کی درخواست کی تھی تاہم یہ مدد سعودی عرب کی جانب سے درخواست کیے جانے سے مشروط ہے۔مصری پارلیمان نے اس معاملے پر دو غیر معمولی خفیہ اجلاس منعقد کیے تاہم مزید غور و خوض کے لیے اجلاس آئندہ ہفتے تک ملتوی کردیا گیا۔ پارلیمان میں صدر کے حامی ارکان کی اکثریت ہونے کے باعث منظوری کا قوی امکان ہے۔خیال رہے کہ حال میں کیے گئے سعودی عرب کے دورے میں مصر کے وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی اور انٹیلی جنس ادارے کے سربراہ حسن رشاد نے سعودی ولی عہد اور حکمران وقت محمد بن سلمان کو السیسی کا خط پہنچایا۔خط کے مندرجات ظاہر نہیں کیے گئے۔تاہم یہ سفارتی رابطہ ایسے وقت میں ہوا ہے جب مصر سعودی عرب کی حمایت کے ممکنہ فوجی کردار پر غور کررہا ہے۔

### بقیہ نمبر 11 ﴿قوم کی آواز﴾

فورم کے ذریعے، تعاون کو وسعت دینے اور دونوں ممالک کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں (SMEs) کے درمیان روابط مضبوط بنانے میں دلچسپی ظاہر کی۔انہوں نے کاروباری تعاون اور سرمایہ کاری کو آسان بنانے کے لیے ادارہ جاتی روابط کو مزید مضبوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے جرمنی میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے پاکستانی طلبہ کی بڑھتی ہوئی تعداد کا بھی ذکر کیا اور بتایا کہ گزشتہ ایک دہائی کے دوران ان کی تعداد تقریباً 6 ہزار سے بڑھ کر 13 ہزار کے قریب پہنچ گئی ہے۔تکنیکی اور پیشہ ورانہ تعلیم و تربیت (TVET) میں تعاون پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومتی تربیتی اداروں کو موجودہ صنعتی ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کی کوششیں جاری ہیں، تاکہ جدید صنعتوں کے لیے موزوں ہنر مند افرادی قوت تیار کی جاسکے۔جرمن سفیر نے ویزا پراسیسنگ میں تاخیر سے متعلق خدشات کو بھی تسلیم کیا۔انہوں نے وضاحت کی کہ ویزا درخواستوں پر کارروائی میں عموماً چھ سے آٹھ ہفتے لگتے ہیں، تاہم تجارتی میلوں کے مصروف موسم میں زیادہ درخواستوں کے باعث یہ مدت بڑھ کر دس ہفتے تک ہو سکتی ہے۔انہوں نے کاروباری مقاصد کے لیے سفر کرنے والوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی درخواستیں کافی پہلے جمع کروائیں۔انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا کہ تجارتی وفود کے لیے ویزا پراسیسنگ اور معاونت کے شعبوں میں مزید بہتری کی گنجائش موجود ہے۔تاہم، انہوں نے واضح کیا کہ ہوٹلوں پر رعایت اور مقامی ٹیکس جیسے معاملات عموماً نجی کاروباری اداروں اور مقامی حکام کے دائرۂ اختیار میں آتے ہیں، نہ کہ سفارت خانے کے۔۔۔اے پی پی

### بقیہ نمبر 12 ﴿قوم کی آواز﴾

صدارت وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال کریں گے، جبکہ پروگرام کی اختتامی تقریب کی صدارت سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن کریں گے۔

### بقیہ نمبر 13 ﴿قوم کی آواز﴾

پولنگ 22 نومبر 2026ء کو ہوگی۔شیڈول کے مطابق امیدوار 20 سے 22 اکتوبر تک کاغذات نامزدگی جمع کراسکیں گے، جبکہ 24 سے 28 اکتوبر تک کاغذات کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔امیدواروں کی ابتدائی فہرست 29 اکتوبر کو جاری ہوگی۔کاغذات نامزدگی 7 سے 9 نومبر تک واپس لیے جاسکیں گے، جس کے بعد امیدواروں کی حتمی فہرست جاری کی جائے گی۔انتخابی نشانات 10 نومبر کو الاٹ کیے جائیں گے۔ضمنی بلدیاتی انتخابات حیدرآباد، میرپورخاص، لاڑکانہ، ٹنڈوالہیار، مٹیاری، دادو، نوشہروفیروز، خیرپور، بدین، قمبر شہدادکوٹ، عمرکوٹ، تھرپارکر اور شکارپور کے اضلاع میں ہوں گے۔دریں اثنا، کراچی کے ضلع جنوبی میں ٹاؤن میونسپل کمیٹی لیاری کی یونین کونسل نمبر 8 کلری شاہ بیگ میں وائس چیئرمین کی خالی نشست پر ضمنی بلدیاتی انتخاب 8 نومبر 2026ء کو ہوگا۔

### بقیہ نمبر 14 ﴿قوم کی آواز﴾

گئی، جو شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی لاڑکانہ پریس کلب کے سامنے اختتام پذیر ہوئی۔ریلی میں کمشنر لاڑکانہ ڈاکٹر رشید مسعود خان، روٹریکٹ کلب لاڑکانہ کے گورنر چوہدری فہد سکندر، شہید محترمہ بینظیر بھٹو میڈیکل کالج لاڑکانہ کی وائس چانسلر پروفیسر نصرت شاہ، ڈی آئی جی لاڑکانہ شیراز نظیر، چیئرمین ضلع کونسل لاڑکانہ اعجاز احمد لغاری، ڈاکٹر دیالی گل، ڈاکٹر یاسمین شیخ، ڈاکٹروں، اساتذہ، سول سوسائٹی کے نمائندوں، طلبہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور پولیو سے پاک پاکستان کے حق میں نعرے لگائے۔ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ پاکستان سے پولیو کا مکمل خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ دنیا کے بیشتر ممالک اس بیماری سے نجات حاصل کر چکے ہیں، تاہم پاکستان اور افغانستان میں اب بھی پولیو کے کیسز سامنے آرہے ہیں۔بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھنے کے لیے انسداد پولیو اقدامات مؤثر بنانا ناگزیر ہے۔مقررین نے کہا کہ پولیو سے متعلق آگاہی کی کمی اور بعض عناصر کا منفی پروپیگنڈا انسدادِ پولیو مہم میں رکاوٹ بنتا ہے، جبکہ پولیو ورکرز کو درپیش مشکلات اور انہیں نشانہ بنانے کے واقعات بھی تشویش ناک ہیں۔انہوں نے زور دیا کہ عوام میں شعور اجاگر کرنے اور پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون بڑھانے کے لیے مشترکہ کوششیں کی جائیں۔انہوں نے بتایا کہ سندھ بھر میں پی پی ایچ آئی کے مراکز سمیت صحت کی مختلف سہولتوں پر پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کی سہولت دستیاب ہے، جبکہ محکمہ صحت کی ٹیمیں بھی انسداد پولیو مہم کے دوران خدمات انجام دیتی ہیں۔مقررین نے والدین پر زور دیا کہ وہ ہر انسدادِ پولیو مہم کے دوران اپنے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو قطرے لازمی پلوائیں اور پولیو ٹیموں سے مکمل تعاون کریں، تاکہ بچوں کو معذوری سے بچانے اور پاکستان کو پولیو سے پاک بنانے کا ہدف حاصل کیا جاسکے۔

### بقیہ نمبر 15 ﴿قوم کی آواز﴾

طرح شارجہ جانے والی ایئر عربیہ کی پرواز جی 5479 اور ریاض جانے والی فلائی جناح کی پرواز 9 پی 610 بھی منسوخ کردی گئیں۔کراچی سے اسلام آباد جانے والی فلائی جناح کی پرواز 9 پی 678 اور ایئر سیال کی پرواز پی ایف 125، سیالکوٹ جانے والی فلائی جناح کی پرواز 9 پی 820، جبکہ لاہور جانے والی فلائی جناح کی پرواز 9 پی 844 اور پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کی پرواز پی کے 306 بھی منسوخ ہونے والی پروازوں میں شامل ہیں۔

### بقیہ نمبر 16 ﴿قوم کی آواز﴾

آٹو پالیسی کے مسودے پر بریفنگ دی گئی جس کے بعد وزیراعظم نے پالیسی وفاقی کابینہ میں پیش کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ نئی آٹو پالیسی میں مقامی اور درآمد شدہ ہائبرڈ گاڑیوں کی قیمتوں میں توازن برقرار رکھنے کی تجویز شامل ہے اس کے علاوہ درآمد شدہ گاڑیوں کے لیے معیاد کا سرٹیفکیٹ بھی لازمی قرار دیا جائے گا۔ وزیراعظم نے وفاقی جائے گا۔وزیراعظم نے وفاقی وزیر قومی صحت مصطفیٰ کمال سے ملاقات میں وفاقی حکومت کے زیر انتظام ہسپتالوں اور صحت کے اداروں میں طبی سہولیات، علاج معالجے کے معیار اور خدمات کی بہتری کیلئے مؤثر اقدامات کرنے کی ہدایت کردی۔ این این آئی کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کا منگل کو ہونے والا دورہ پشاور منسوخ کردیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی مصروفیات کے باعث دورہ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔قبل ازیں حکومتی ذرائع کے مطابق وزیراعظم کو خیبر پختونخوا کی مجموعی صورتحال، امن وامان، انتظامی معاملات اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی جانی تھی۔ گورنر ہاؤس میں وزیراعظم کی زیرصدارت اجلاس بھی ہونا تھا۔

### بقیہ نمبر 17 ﴿قوم کی آواز﴾

پلیٹیں اور ایک موٹرسائیکل برآمد کرلی۔ترجمان ضلع ملیر پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت شعیب حسین، اچھر خان اور حفیظ اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے چوری شدہ لوہے کی پلیٹیں اور موٹرسائیکل تحویل میں لے لی ہے۔پولیس کے مطابق گرفتار ملزم شعیب حسین کے خلاف تھانہ بن قاسم میں منشیات سے متعلق دو مقدمات درج ہیں، جبکہ ملزم اچھر خان کے خلاف تھانہ دھابیجی، بن قاسم اور گڈاپ سٹی میں مختلف دفعات کے تحت پانچ مقدمات درج ہیں۔ترجمان ضلع ملیر پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف متعلقہ قانونی دفعات کے تحت مقدمات درج کرکے مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

### بقیہ نمبر 18 ﴿قوم کی آواز﴾

تفصیلات کے مطابق واقعہ سعید آباد پولیس ٹریننگ سینٹر کی بیرک کے کمرہ نمبر 33 میں پیش آیا، جہاں چھت کا پلستر اچانک گرنے سے دو خواتین اہلکار زخمی ہوگئیں۔ پولیس حکام نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ دونوں اہلکاروں کو معمولی چوٹیں آئیں۔انہیں نجی اسپتال لے جایا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد واپس بھیج دیا۔

### بقیہ نمبر 19 ﴿قوم کی آواز﴾

کر 600 روپے تک پہنچ گئی۔رپورٹ کے مطابق کراچی میں ایل پی جی کی قیمت میں حالیہ اضافے سے گھریلو صارفین متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے اکتوبر 2026ء کے لیے ایل پی جی کی سرکاری قیمت 279.34 روپے فی کلو مقرر کر رکھی ہے۔دوسری جانب ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عرفان کھوکھر کے مطابق پنجاب اور خیبر پختونخوا میں ایل پی جی 500 روپے فی کلو فروخت ہو رہی ہے، جبکہ پہاڑی علاقوں میں اس کی قیمت 600 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے۔عرفان کھوکھر نے ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے پر اوگرا کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے الزام عائد کیا کہ اتھارٹی قیمتوں پر مؤثر نگرانی نہیں کر رہی۔

### بقیہ نمبر 20 ﴿قوم کی آواز﴾

پر اجلاس بھی ہوا۔وزیر اعظم نے وزیراعظم ہاؤس آمد پر مالدیپ کے صدر کا استقبال کیا اور ان کے اعزاز میں گارڈ آف آنر کی تقریب منعقد کی گئی۔صدر معیزو نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا اور وزیراعظم ہاؤس میں یادگار کے طور پر پودا بھی لگایا مذاکرات کے دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور مالدیپ کے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔وزیراعظم شہباز شریف نے مالدیپ کے ساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے اور اس کی قومی ترقی کی ترجیحات میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ مذاکرات میں اقتصادی تعاون کو خصوصی اہمیت دی گئی۔دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت، غذائی تحفظ، ادویات اور نجی شعبے کے درمیان شراکت داری بڑھانے پر اتفاق کیا۔دونوں رہنماؤں نے فضائی اور بحری رابطوں کو بہتر بنانے اور مشترکہ اقتصادی کمیشن کا اجلاس جلد منعقد کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعظم اور مالدیپ کے صدر نے اگلے دو سال میں دوطرفہ تجارت موجودہ ایک کروڑ 34 لاکھ ڈالر سے بڑھا کر 20 کروڑ ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا۔وزیراعظم نے مالدیپ کو ضروری غذائی اشیا اور ادویات کی فراہمی کے لیے پاکستان کی آمادگی کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ فراہمی دونوں حکومتوں کے درمیان براہ راست انتظامات کے ذریعے ممکن بنائی جائے گی۔وزیراعظم نے مالدیپ کے طلبہ کے لیے ہر سال مزید 20 انڈر گریجویٹ اسکالرشپس دینے کا اعلان کیا۔انہوں نے صحت کے شعبے میں تعاون، پیشہ ورانہ تربیت اور اداروں کی استعداد بڑھانے کے لیے پاکستان کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔مالدیپ کے صدر کے "پانچ ملین درخت لگانے کے اقدام" کے تحت وزیراعظم نے اعلان کیا کہ پاکستان اگلے 12 ماہ کے دوران ایک لاکھ زیتون کے پودے اور مختلف پودوں کے ایک لاکھ بیج فراہم کرے گا۔

### بقیہ نمبر 21 ﴿قوم کی آواز﴾

ڈاکوؤں کا تعاقب کے دوران کار سوار شہری نے گاڑی کی ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں دونوں موٹرسائیکل سے گر کر زخمی ہوگئے۔ واقعے کے بعد موقع پر موجود افراد نے بھی دونوں ملزمان کو تشدد کا نشانہ بنایا اور پولیس کے حوالے کردیا۔پولیس کے مطابق دو مسلح ملزمان نے سینٹرم شاپنگ مال کے قریب شہری سے پرس چھینا اور موٹرسائیکل پر فرار ہونے لگے۔متاثرہ شہری نے ان کا تعاقب کیا اور یو بی ایل کمپلیکس کے قریب اپنی کار ان کی موٹرسائیکل سے ٹکرادی، جس کے باعث دونوں سڑک پر گر کر زخمی ہوگئے۔پولیس حکام کے مطابق دونوں ملزمان زندہ ہیں، انہیں تحویل میں لے کر تھانے منتقل کردیا گیا ہے۔ ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، شہری سے چھینا گیا پرس اور دیگر سامان بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں، جبکہ کار سوار شہری، عینی شاہدین کے بیانات اور سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے واقعے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جارہا ہے۔

### بقیہ نمبر 22 ﴿قوم کی آواز﴾

گرفتار کرلیا، جن میں ایک ملزم زخمی حالت میں پکڑا گیا۔گرفتار ملزمان اسٹریٹ کرائم اور شہریوں سے موبائل فون چھیننے کی متعدد وارداتوں میں پولیس کو مطلوب تھے۔پولیس کے مطابق رات گئے ٹیپو سلطان پولیس اور شاہین فورس نے بلوچ پل کے قریب رکشے میں سوار مشکوک افراد کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے فائرنگ کردی۔پولیس کی جوابی فائرنگ کے بعد ایک ملزم زخمی حالت میں جبکہ دو دیگر کو بغیر زخمی ہوئے گرفتار کرلیا گیا۔گرفتار ملزمان کی شناخت غلام شبیر، تنویر اور رکشہ ڈرائیور سمیر ضمیر کے نام سے ہوئی ہے۔پولیس کے مطابق ملزمان کا تعلق گوپانگ گینگ سے ہے اور وہ گلستان جوہر، مبینہ ٹاؤن، بہادرآباد اور ملحقہ علاقوں میں وارداتوں میں ملوث رہے ہیں۔پولیس حکام نے کہا کہ ملزمان رکشے میں مسافروں کو بٹھا کر لوٹتے اور انہیں سنسان مقامات پر چھوڑ کر فرار ہوجاتے تھے۔ملزمان شاہ لطیف ٹاؤن سے گرفتار افراد اور سیکڑوں موبائل فونز کی برآمدگی سے متعلق مقدمے میں بھی پولیس کو مطلوب تھے۔پولیس نے ملزمان کے قبضے سے تین غیر قانونی پستول، گولیاں، متعدد موبائل فونز اور نقدی برآمد کرلی، جبکہ وارداتوں میں استعمال ہونے والا رکشہ بھی تحویل میں لے لیا گیا۔پولیس کے مطابق زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا ہے، جبکہ دیگر ملزمان کو تھانے منتقل کرکے واقعے کے مقدمات درج اور مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

### بقیہ نمبر 23 ﴿قوم کی آواز﴾

گلشن بہار سیکٹر 16 اور ملحقہ علاقوں میں سرچ آپریشن کیا۔ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کی ہدایات پر کیے گئے آپریشن کے دوران علاقے کے داخلی و خارجی راستوں کو بند کرکے مختلف مقامات کی تلاشی لی گئی، جبکہ بائیومیٹرک تلاش کے آلے کی مدد سے متعدد مشتبہ افراد کی شناخت اور کوائف کی تصدیق بھی کی گئی۔آپریشن میں ایس ڈی پی او پاکستان بازار کی نگرانی میں ایس ایچ او پاکستان بازار، پولیس نفری، خواتین اہلکاروں اور انٹیلی جنس عملے نے حصہ لیا۔پولیس حکام کے مطابق ضلع ویسٹ کے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے روزانہ کی بنیاد پر ہدفی سرچ آپریشنز کیے جارہے ہیں۔ان کارروائیوں کا مقصد علاقے میں امن وامان برقرار رکھنا، شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانا اور جرائم میں ملوث عناصر کو گرفتار کرنا ہے۔

### بقیہ نمبر 24 ﴿قوم کی آواز﴾

وزیراعلیٰ سندھ بھی اس اہم دورے میں صدر مملکت کے ہمراہ جانے والے وفد کا حصہ ہوں گے۔گفتگو کے دوران صوبے میں پانی کی قلت اور ماحولیاتی بہتری پر خاص توجہ دی گئی جہاں وزیراعلیٰ سندھ نے جرمن ٹیکنالوجی کی مدد سے منچھر جھیل کے پانی کو صاف کرنے کی خواہش کا اظہار کیا جس پر جرمن قونصل جنرل تھامس ای شلٹز نے پانی کی صفائی کے لیے جرمن جدید ٹیکنالوجی کی فراہمی اور بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی۔سید مراد علی شاہ نے سندھ میں کینال لائننگ کی بہتری کے منصوبوں پر بھی زور دیا تاکہ زرعی پانی کے ضیاع کی روک تھام کی جا سکے اور آبادگاروں تک پانی کی مؤثر فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے جس پر جرمن قونصل جنرل نے اتفاق کیا کہ جرمن مہارت اور ٹیکنالوجی کی مدد سے زرعی پانی کے ضیاع میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے۔باہمی روابط کو مزید منظم بنانے کے لیے وزیراعلیٰ سندھ نے اپنے معاون خصوصی قاسم نوید کو ہدایت کی کہ وہ جرمن اداروں کے ساتھ رابطے اور تعاون کے امکانات پر بات چیت کو آگے بڑھائیں۔ ملاقات میں جرمن ترقیاتی ادارے GIZ کے جاری پروگراموں، سرمایہ کاری، تکنیکی معاونت اور مختلف شعبوں میں شراکت داری کے نئے مواقع تلاش کرنے پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔جرمن قونصل جنرل نے سندھ کے ساتھ مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات کا جائزہ لینے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا، جبکہ وزیراعلیٰ سندھ نے جرمنی کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور معاشی ترقی کے لیے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ترجمان وزیراعلیٰ سندھ عبدالرشید چنا کے مطابق اس موقع پر معاون خصوصی برائے سرمایہ کاری سید قاسم نوید، سیکریٹری ٹو سی ایم آصف جمیل اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

### بقیہ نمبر 25 ﴿قوم کی آواز﴾

ترجمان سید شاہد علی نے پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اگر والدہ کا شناختی کارڈ بن چکا ہے لیکن اس وقت ان کے پاس موجود نہیں تو بچے کے ب فارم کے اجرا میں لازماً کوئی بڑی رکاوٹ نہیں ہوگی۔ایسی صورت میں شناختی کارڈ نمبر یا بائیومیٹرک تصدیق، یعنی فنگر پرنٹ کے ذریعے شناخت کی تصدیق کی جاسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر والدہ کا شناختی کارڈ کبھی جاری ہی نہیں ہوا تو بچے کے ب فارم کے اجرا میں مشکلات پیش آسکتی ہیں، کیونکہ اس عمل کے لیے خاندانی ریکارڈ اور متعلقہ دستاویزات کا مکمل ہونا ضروری ہے۔نادرا حکام کے مطابق بعض صورتوں میں والدہ کا شناختی کارڈ نہ بننے کے باعث والدین کی شادی کا اندراج بھی ریکارڈ میں موجود نہیں ہوتا اور خاندان کا شناختی نمبر بھی جاری نہیں ہوا ہوتا، جس سے بچے کی رجسٹریشن میں دشواری پیش آسکتی ہے۔

### بقیہ نمبر 26 ﴿قوم کی آواز﴾

ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ میر رضا کیس سندھ پولیس کے لیے بھی ایک سبق ہے کہ آئندہ کسی معاملے میں عجلت کے بجائے مکمل اور شفاف تحقیقات کی جائیں تاکہ حقائق سامنے آسکیں اور ذمہ داروں کو سزا دلوائی جاسکے۔انہوں نے کہا کہ سندھ پولیس نے دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ اور بھتہ خوری سمیت متعدد سنگین مقدمات حل کیے ہیں، اس لیے کسی ایک فرد کی کوتاہی کی بنیاد پر پورے محکمے کو موردِالزام ٹھہرانا مناسب نہیں۔انہوں نے بتایا کہ سندھ کابینہ کے فیصلے کے تحت میر رضا کیس میں جوڈیشل کمیشن تشکیل دیا گیا تھا، جس کی رپورٹ کابینہ کے گزشتہ اجلاس میں پیش کی گئی۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے رپورٹ کا جائزہ لینے کے لیے تین سینئر وزرا ضیاء الحسن لنجار، سعید غنی اور ناصر حسین شاہ پر مشتمل کمیٹی قائم کردی ہے، جو اپنی سفارشات کابینہ کے سامنے پیش کرے گی۔کراچی کے ترقیاتی منصوبوں اور ٹرانسپورٹ کی صورت حال پر بات کرتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ اورنج لائن منصوبہ تیار ہے، جبکہ ریڈ لائن منصوبے کے تحت یونیورسٹی روڈ پر تعمیراتی کام کا مشکل مرحلہ مکمل ہو چکا ہے۔اب اسٹیشنز اور ڈپو تعمیر کیے جائیں گے، تاہم تجاوزات کے مسائل موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ یلو لائن منصوبے پر کام شروع ہونا ہے اور اس دوران ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کا خدشہ ہے، جس پر شہریوں سے پیشگی معذرت خواہ ہیں۔ جام صادق پل کا دوسرا حصہ بھی جلد مکمل ہوجائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ ڈیڑھ سال کی مشکلات کے بعد شہریوں کو طویل مدت کے لیے سفری سہولتیں میسر آئیں گی اور بی آر ٹی منصوبوں کے ذریعے کراچی کے مختلف علاقوں کو باہم مربوط کیا جائے گا۔سینئر وزیر نے کہا کہ گرین لائن وفاقی حکومت کا منصوبہ تھا، جو سندھ حکومت کے حوالے کیے جانے کے بعد مزید مسافروں کے لیے سہولت کا ذریعہ بنا، جبکہ اورنج، ریڈ اور یلو لائن منصوبے صوبائی حکومت کے تحت جاری ہیں۔انہوں نے بتایا کہ نومبر میں بڑی تعداد میں ڈبل ڈیکر بسیں کراچی پہنچیں گی، خواتین کے لیے پنک بسیں چلائی جارہی ہیں اور انہیں مفت پنک اسکوٹیز بھی فراہم کی جارہی ہیں۔شرجیل میمن کے مطابق ایک سال قبل پورے سندھ میں موٹر سائیکل چلانے کے لائسنس رکھنے والی خواتین کی تعداد 125 تھی، جبکہ اب 50 ہزار خواتین لائسنس کے لیے درخواست دے چکی ہیں اور 25 ہزار سے زائد کو لائسنس جاری کیے جاچکے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ سندھ کی ہدایت پر صوبے میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔شاہراہِ بھٹو، کراچی پورٹ سے کورنگی تک سڑک کی تعمیر اور ناردرن بائی پاس کے قریب ٹرک اسٹینڈ کا قیام بھی ان منصوبوں میں شامل ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پانی کو صاف کرکے قابل استعمال بنانے کا منصوبہ شروع ہوچکا ہے، جبکہ کراچی میں صفائی کا مسئلہ تقریباً 95 فیصد حل کیا جاچکا ہے، تاہم شہر کی وسعت کے باعث مزید بہتری کے لیے وقت درکار ہوگا۔

### بقیہ نمبر 27 ﴿قوم کی آواز﴾

مقامی مریضوں کا طبی معائنہ کیا گیا اور انہیں مفت ادویات فراہم کی گئیں کیمپ میں جنرل میڈیسن، ہڈیوں و جوڑوں، امراضِ نسواں، جلد اور دانتوں کے ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کا معائنہ کیا اور طبی سہولیات فراہم کیں۔اس موقع پر مریضوں کے مختلف لیبارٹری ٹیسٹ بھی کیے گئے۔علاقہ مکینوں نے نگر پارکر جیسے دور افتادہ علاقے میں مفت طبی سہولیات کی فراہمی پر پاکستان رینجرز (سندھ) اور ایکار راہ روشن تنظیم کی کوششوں کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

### بقیہ نمبر 28 ﴿قوم کی آواز﴾

جائے، جیسا کہ وفاقی بجٹ 2024-25 میں تبدیلیاں متعارف کرانے سے قبل یہ نافذ العمل تھی۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ حکومت صنعتی شعبے کے نمائندوں سے مشاورت جاری رکھے گی، تاکہ عملی مسائل حل کیے جاسکیں، ضروری خام مال کی دستیابی یقینی بنائی جاسکے اور پاکستانی برآمدات کی مسابقت بہتر بنائی جاسکے۔پی ایچ ایم اے کے مرکزی چیئرمین نے اس بات پر زور دیا کہ برآمدات میں حالیہ کمی کا جائزہ ان پالیسی تبدیلیوں کے تناظر میں بھی لیا جانا چاہیے، جن کے باعث کاروباری لاگت میں اضافہ ہوا ہے اور ٹیکسٹائل برآمد کنندگان کو نقد رقوم کی دستیابی کے سنگین مسائل کا سامنا ہے۔انہوں نے نشاندہی کی کہ ایس آر او 1281(I)/2024 مورخہ 20 اگست 2024ء کے تحت مقامی سپلائیز پر زیرو ریٹنگ کی سہولت ختم کرنے اور بعد ازاں ایس آر او 1435(I)/2025 مورخہ 5 اگست 2025ء کے ذریعے خام کپاس، کاٹن یارن اور گرے فیبرک کو ای ایف ایس 2021ء کے دائرہ کار سے خارج کرنے کے اقدامات نے ٹیکسٹائل کی پوری پیداواری زنجیر کو متاثر کیا ہے اور برآمدات پر مبنی صنعتوں پر اضافی مالی دباؤ ڈالا ہے۔سید ضیاء علمدار حسین نے کہا کہ سابقہ نظام کے تحت مجاز برآمد کنندگان کو فراہم کی جانے والی اہل مقامی سپلائیز زیرو ریٹڈ بنیادوں پر دستیاب تھیں، جس کے باعث تیار کنندگان کو ضروری خام مال کی خریداری کے وقت سیلز ٹیکس کی مد میں بھاری رقوم روکنے کی ضرورت نہیں پڑتی تھی۔اس سہولت کے خاتمے کے بعد قابل اطلاق مقامی خریداری پر برآمد کنندگان کو 18 فیصد سیلز ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے، جس سے پیداواری لاگت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔اس صورت حال میں مقامی طور پر خریدے جانے والے خام مال کو ایکسپورٹ فسیلیٹیشن نظام کے تحت اہل درآمدی خام مال کے مقابلے میں نقصان دہ صورت حال کا سامنا ہے۔صورتحال کی سنگینی اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نقد رقوم کی دستیابی ٹیکسٹائل برآمد کنندگان کے لیے سب سے بڑے مسائل میں سے ایک بن چکی ہے۔ برآمدی مال کی تیاری، پراسیسنگ اور ترسیل کے عمل میں تقریباً 180 دن لگ سکتے ہیں، جبکہ سیلز ٹیکس کی واپسی میں مزید تاخیر سے برآمد کنندگان کی رقوم طویل عرصے تک پھنسی رہتی ہیں۔نتیجتاً برآمد کنندگان کو اپنی مالی ضروریات پوری کرنے کے لیے ذاتی وسائل استعمال کرنا یا بینکوں سے قرض لینا پڑتا ہے، تاکہ سیلز ٹیکس کی بھاری رقوم ادا کی جاسکیں۔اس کے ساتھ انہیں ملازمین کی اجرتوں، بجلی، گیس، خام مال، مال برداری اور دیگر عملی اخراجات بھی پورے کرنا ہوتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ کاروبار چلانے کے لیے درکار سرمایہ طویل عرصے تک پھنسا رہنے سے مالی اخراجات اور قرض لینے کی لاگت بڑھ جاتی ہے، پیداواری صلاحیت محدود ہوتی ہے اور بین الاقوامی منڈیوں میں مسابقتی قیمتوں پر آرڈرز مکمل کرنا مشکل ہوجاتا ہے۔یہ مشکلات بالخصوص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لیے زیادہ سنگین ہیں، کیونکہ ان کے پاس سیلز ٹیکس کی واپسی میں طویل تاخیر اور اضافی ٹیکسوں کا مالی بوجھ برداشت کرنے کے لیے محدود وسائل ہوتے ہیں۔انہوں نے زور دیا کہ جب تک برآمد کنندگان کو اپنی رقوم بروقت واپس نہیں ملتیں اور ٹیکس و سہولت کاری کا نظام مستحکم اور کاروبار دوست نہیں ہوتا، اس وقت تک برآمدات میں پائیدار ترقی ممکن نہیں۔پی ایچ ایم اے کے مرکزی چیئرمین نے حکومت پر زور دیا کہ ای ایف ایس 2021ء کے تحت مجاز برآمد کنندگان کو فراہم کی جانے والی اہل مقامی سپلائیز پر زیرو ریٹنگ بحال کی جائے، جبکہ اس مقصد کے لیے مناسب تصدیق، نگرانی اور جانچ پڑتال کا نظام بھی وضع کیا جائے۔انہوں نے خام کپاس، کاٹن یارن اور گرے فیبرک کو بھی اسکیم میں دوبارہ شامل کرنے کا مطالبہ کیا، خصوصاً ان صورتوں میں جہاں مقامی سپلائرز برآمد کنندگان کی معیار، مقدار، بروقت فراہمی یا مسابقتی قیمت سے متعلق ضروریات پوری کرنے سے قاصر ہوں۔انہوں نے کہا کہ سیلز ٹیکس کی رقوم کی بروقت واپسی اور مستقل و قابل پیش گوئی برآمدی پالیسیاں پیداواری لاگت کم کرنے، ملکی صنعت کو مضبوط بنانے اور پاکستانی برآمد کنندگان کو مساوی مسابقتی مواقع فراہم کرنے کے لیے ناگزیر ہیں۔سید ضیاء علمدار حسین نے ایکسپورٹ فسیلیٹیشن اسکیم کے غلط استعمال کی روک تھام اور قومی خزانے کے تحفظ کے لیے حکومتی کوششوں کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔انہوں نے کہا کہ اسکیم کے کسی بھی ممکنہ غلط استعمال کی نشاندہی، تحقیقات اور خلاف ورزی ثابت ہونے پر قانون اور شفاف قانونی طریقہ کار کے مطابق کارروائی کرنا حکومت اور متعلقہ نگران اداروں کی ذمہ داری ہے۔انہوں نے زور دیا کہ بے ضابطگیوں کے تدارک کے لیے مؤثر نگرانی اور متعلقہ افراد یا اداروں کے خلاف ہدفی کارروائی کی جائے، نہ کہ ایسی عمومی پابندیاں عائد کی جائیں جن سے حقیقی اور قواعد و ضوابط کی پابندی کرنے والے مستفیدین بھی متاثر ہوں۔انہوں نے اسکیم کے تسلسل اور اس پر عمل درآمد سے متعلق خدشات دور کرنے کے لیے صنعتی شعبے کے نمائندوں سے تعمیری مشاورت کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ان کے مطابق مقصد شفافیت، جواب دہی اور قواعد کی پابندی کو مضبوط بنانا ہونا چاہیے، جبکہ جائز کاروباری اداروں کے لیے ای ایف ایس کے فوائد برقرار رہیں اور یہ سہولت پاکستان کی برآمدات میں اضافے کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے۔اپنے بیان کے اختتام پر پی ایچ ایم اے کے مرکزی چیئرمین نے کہا کہ حکومت کی جانب سے ای ایف ایس جاری رکھنے کا فیصلہ خوش آئند ہے، تاہم حقیقی ریلیف کے لیے ان بنیادی سہولتوں کی بحالی ضروری ہے جو برآمد کنندگان کو مؤثر انداز میں کاروبار چلانے کے قابل بناتی ہیں۔انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ حکومت اور اضافی قدر کی حامل برآمدی صنعتوں کی نمائندہ انجمنوں کے درمیان تعمیری اشتراک سے حقیقی مسائل حل کرنے، کاروباری اعتماد بحال کرنے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے، ملک میں مصنوعات کی تیاری اور قدر میں اضافے کو فروغ دینے اور پاکستان کی برآمدات کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں مدد ملے گی۔

### بقیہ نمبر 29 ﴿قوم کی آواز﴾

بیٹے نے مبینہ طور پر قینچی کے وار کرکے اپنے 58 سالہ باپ کو قتل کردیا اور فرار ہوگیا۔پولیس ذرائع کے مطابق گھر میں موبائل فون دلانے کے معاملے پر باپ اور بیٹے کے درمیان تلخ کلامی ہوئی، جس پر طیش میں آکر لڑکے نے گھر میں موجود قینچی سے والد پر پے در پے وار کیے، جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوکر دم توڑ گیا۔واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش تحویل میں لے کر قانونی کارروائی شروع کردی۔پولیس نے فرار ہونے والے 14 سالہ ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنے شروع کردیے ہیں۔

### بقیہ نمبر 30 ﴿قوم کی آواز﴾

زور پر لوٹا تھا۔وارادت کی سی سی ٹی وی فوٹیج میں موٹرسائیکل سوار مسلح ملزمان کو شہریوں سے لوٹ مار کرکے فرار ہوتے دیکھا جاسکتا ہے۔پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے دونوں سگے بھائیوں کیلس اور گینس کو گرفتار کیا۔ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ، موبائل فون اور دیگر سامان بھی برآمد ہوا ہے۔پولیس کے مطابق مدعی مقدمہ نے گرفتار ملزمان کو شناخت کرلیا ہے، جبکہ وارادات میں ملوث ان کا تیسرا ساتھی اسماعیل بنگالی تاحال گرفتار نہیں ہوسکا۔ایس ایچ او زمان ٹاؤن سید عدنان بخاری کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے، جبکہ فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

### بقیہ نمبر 31 ﴿قوم کی آواز﴾

امکانات سے بھرپور استفادہ کیا جاسکے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مشترکہ اقتصادی مفادات کو ٹھوس تجارتی فوائد میں تبدیل کرنے کے لیے نجی شعبے کی زیادہ سے زیادہ شمولیت ضروری ہے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء سے چیمبر ہاؤس میں ملاقات کے دوران کیا۔دوطرفہ تعاون کے روشن امکانات پر روشنی ڈالتے ہوئے سفیر نے صحت، ادویہ سازی، زراعت، غذائی تحفظ، سیاحت، کھیلوں کے سامان اور جراحی کے آلات کی صنعت کو باہمی طور پر مفید تجارت اور سرمایہ کاری کے اہم شعبے قرار دیا۔تجارتی تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے عملی اقدامات کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے ویزا طریقہ کار کو آسان بنانے، براہِ راست فضائی رابطے قائم کرنے اور بینکاری ادائیگیوں سے متعلق مسائل کے مؤثر حل پر زور دیا۔انہوں نے دوطرفہ بزنس فورم کے انعقاد کی تیاریوں پر بھی تبادلہ خیال کیا، جس میں کاروباری اداروں کے درمیان پیشگی ملاقاتوں کے ذریعے ممکنہ شراکت داروں کی نشاندہی اور ٹھوس کاروباری تجاویز تیار کرنے پر توجہ دی جائے گی۔اس موقع پر ایران، افغانستان اور چین کے راستے بہتر ٹرانسپورٹ روابط کو بھی دوطرفہ تجارت میں سہولت پیدا کرنے کے لیے اہم قرار دیا گیا۔سفیر نے تعلیم، سائنس، انجینئرنگ اور زرعی تحقیق کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے جامعات کے درمیان شراکت داری اور طلبہ کے تبادلوں کو فروغ دینے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔انہوں نے روسی زبان کی تدریس، ثقافتی تبادلوں اور میڈیا و تخلیقی صنعتوں کے درمیان تعاون کو باہمی تفہیم اور عوامی سطح پر روابط مضبوط بنانے کے اہم ذرائع قرار دیا۔آئی سی سی آئی کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا کہ پاکستانی اور روسی کاروباری شخصیات کے درمیان مشترکہ منصوبے قائم کرنے کی ضرورت ہے، بالخصوص توانائی، اسٹیل اور دیگر صنعتی شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ کاروباری اداروں کے درمیان باقاعدہ ملاقاتیں اور ادارہ جاتی تعاون کو مضبوط بنا کر دوطرفہ تجارتی مواقع کو قابل عمل سرمایہ کاری کے منصوبوں میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ٹیکنالوجی کی منتقلی کو فروغ دیا جاسکتا ہے اور دونوں ممالک میں صنعتی ترقی کی رفتار تیز کی جاسکتی ہے۔آئی سی سی آئی کے صدر نے پاکستان میں مستقل اور طویل المدتی اقتصادی پالیسیوں کی تشکیل پر بھی زور دیا اور کہا کہ ایسی پالیسیاں نجی شعبے، بالخصوص ایوان ہائے صنعت و تجارت کی قیادت، سے مشاورت کے بعد مرتب کی جانی چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ پالیسیوں کا تسلسل، قابل پیش گوئی ضابطہ جاتی ماحول اور حکومت و کاروباری برادری کے درمیان مؤثر رابطہ کاری سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتی مسابقت میں اضافے اور پائیدار بین الاقوامی تجارتی شراکت داریوں کے قیام کے لیے ناگزیر ہیں۔آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ نے بھی پاکستان اور روس کے اقتصادی تعلقات مضبوط بنانے کے لیے مسلسل سفارتی روابط اور عملی کاروباری تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ملاقات میں آئی سی سی آئی کے سابق صدر محمد اعجاز عباسی، کونسل ممبر چوہدری مسعود اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین عباس ہاشمی، شاہد عباسی، محمد نعمان، محمد خورشید، زوہیب ارشد ملک اور اسرار مشوانی سمیت کاروباری برادری کے دیگر نمائندے بھی موجود تھے

### بقیہ نمبر 32 ﴿قوم کی آواز﴾

مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کے نوٹس پر ایف آئی اے اسلام آباد کی جانب سے کی گئی کارروائی کے دوران سابق سربراہ بارڈر ہیلتھ سروسز ڈاکٹر غلام مصطفیٰ اور ڈاکٹر پردیپ کمار کو بھی گرفتار کیا گیا۔ذرائع نے بتایا کہ ملزمان پر الزام ہے کہ حج وعمرہ زائرین کے لیے سستی ویکسین مہنگے داموں خریدی گئی۔گرفتار افسران کو کراچی سے اسلام آباد منتقل کیا جارہا ہے، جہاں ان کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے ویکسین کی خریداری کے معاملے کی تحقیقات کے لیے انکوائری کمیٹی بھی تشکیل دے دی ہے۔

### بقیہ نمبر 33 ﴿قوم کی آواز﴾

اس موقع پر ہندو برادری نے مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ ماتا درگا کی پوجا کی، جبکہ مختلف مندروں میں خصوصی پوجا اور آرتی کا اہتمام کیا گیا۔عقیدت مندوں نے مندروں میں پرساد چڑھایا اور ملک میں امن، سلامتی اور خوشحالی کے لیے دعائیں مانگیں۔اس موقع پر پاکستان کا قومی پرچم بھی لہرایا گیا۔ہندو مذہبی روایات کے مطابق وجے دشمی نیکی کی بدی پر فتح کی علامت ہے۔یہ دن ماتا درگا کی مہیشاسر پر فتح اور بھگوان رام کی راون پر فتح کی یاد میں منایا جاتا ہے، اسی مناسبت سے اسے دسہرہ بھی کہا جاتا ہے۔رام ناتھ مہاراج نے اس موقع پر کہا کہ نوراتری اور دسہرہ کا تہوار نیکی کی بدی پر فتح کا پیغام دیتا ہے۔دسویں روز مذہبی رسومات کی ادائیگی کے بعد بعض مقامات پر ماتا درگا کی مورتیوں کے جلوس نکالے گئے اور انہیں سمندر میں وسرجن کیا گیا۔نوراتری کے دوران گربا اور ڈانڈیا رقص کی تقریبات بھی منعقد ہوئیں، جن میں روایتی لباس، موسیقی اور اجتماعی رقص کے ذریعے ہندو برادری نے اپنی مذہبی اور ثقافتی روایات کا اظہار کیا۔

### بقیہ نمبر 34 ﴿قوم کی آواز﴾

کے درمیان مقابلوں اور کارروائیوں کے دوران 7 زخمیوں سمیت 12 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور موٹرسائیکلیں برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔تفصیلات کے مطابق شرافی گوٹھ پولیس نے ملیر ندی کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد 45 سالہ جمیل کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے جناح اسپتال منتقل کردیا۔نارتھ ناظم آباد کے بلاک اے میں پولیس مقابلے کے دوران محمد رشید نامی ملزم زخمی حالت میں گرفتار ہوا، جسے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد ہوا۔ٹیپو سلطان پولیس نے بلوچ کالونی پل کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد ایک زخمی سمیت تین ملزمان کو گرفتار کیا۔زخمی ملزم کی شناخت 25 سالہ غلام شبیر کے نام سے ہوئی، جبکہ دیگر دو ملزمان کی شناخت ظاہر نہیں کی گئی۔پولیس نے ملزمان کے قبضے سے اسلحہ برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔خواجہ اجمیر نگری پولیس نے نارتھ کراچی سیکٹر 4 میں کارروائی کے دوران تین مبینہ ڈاکوؤں کو گرفتار کیا، جن میں زخمی ملزم ریحان کو اسپتال منتقل کردیا گیا، جبکہ طاہر اور سلمان کو تھانے منتقل کیا گیا۔پولیس کے مطابق ملزمان سے اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور ایک موٹرسائیکل برآمد ہوئی۔شارع نور جہاں پولیس نے نارتھ ناظم آباد کے بلاک ایل میں مبینہ مقابلے کے بعد دو ملزمان کو گرفتار کیا۔زخمی ملزم حمزہ کو عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا، جبکہ دوسرے ملزم فرمان کو تھانے منتقل کیا گیا۔پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور موٹرسائیکل برآمد ہوئی۔ادھر محمود آباد پولیس نے ٹی پی ٹو کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد 20 سالہ ربیع کو زخمی حالت میں گرفتار کرکے جناح اسپتال منتقل کردیا، جبکہ حیدری مارکیٹ پولیس نے نارتھ ناظم آباد کے بلاک ایچ میں کارروائی کرتے ہوئے صفا اللہ نامی مبینہ ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا۔پولیس کے مطابق تمام واقعات کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

### بقیہ نمبر 35 ﴿قوم کی آواز﴾

دوست بلال کو بیوی پر تیزاب پھینکنے کے لیے رقم دی تھی۔ واقعے میں خاتون کی گردن جھلس گئی تھی، جبکہ تیزاب پھینکنے کے الزام میں گرفتار بلال عدالتی ریمانڈ پر جیل میں ہے۔پولیس کے مطابق واقعے کا مقدمہ تھانہ لیاقت آباد میں درج کیا گیا تھا۔

### بقیہ نمبر 36 ﴿قوم کی آواز﴾

بارکوڈ اسکینرز کے ایک معروف ماڈل میں سیکیورٹی خامیوں کا انکشاف کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ ان خامیوں سے گوداموں اور اشیا کی ترسیلی زنجیر کے کمپیوٹر نیٹ ورکس کو سائبر حملوں کا خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔کمپنی کے مطابق ان خامیوں سے حملہ آور غیر مجاز طور پر گوداموں کے نیٹ ورک تک رسائی حاصل کرکے سامان کی ترسیل اور کاروباری سرگرمیوں کو متاثر کرسکتے ہیں۔کیسپرسکی کے محققین نے گوداموں میں استعمال ہونے والے مختلف آلات کا جائزہ لینے کے دوران ایک بڑے ادارے کے تیار کردہ بارکوڈ اسکینر میں سیکیورٹی کی خامی دریافت کی۔تحقیق کے مطابق عام طور پر وائرلیس بارکوڈ اسکینر ایک بیس اسٹیشن سے منسلک ہوتا ہے، جو آگے کمپیوٹر یا کاروباری نظام سے جڑا ہوتا ہے۔اسکینر اور بیس اسٹیشن کے درمیان رابطے میں شناخت کی مؤثر تصدیق کا نظام موجود نہ ہونے کے باعث حملہ آور اس کمزوری سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ماہرین کے مطابق ممکنہ حملے میں سائبر حملہ آور بلوٹوتھ رابطے کی نگرانی کرکے بیس اسٹیشن کا شناختی پتہ حاصل کرسکتا ہے اور اس معلومات کو استعمال کرتے ہوئے گودام کے عملیاتی ٹیکنالوجی کے نیٹ ورک تک رسائی کی کوشش کرسکتا ہے۔اس طرح ایک بظاہر معمولی آلے کی سیکیورٹی خامی پورے کاروباری نظام کے لیے خطرہ بن سکتی ہے۔کیسپرسکی میں صنعتی سیکیورٹی خدمات کے سربراہ سرگئی سیدوروف نے کہا کہ جدید تجارت اور رسد کا شعبہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی پر تیزی سے انحصار کررہا ہے۔بڑے انتظامی نظاموں سے لے کر ملازمین کے زیرِ استعمال چھوٹے آلات تک، تمام ٹیکنالوجی ایک دوسرے سے منسلک ہے۔اس صورت حال میں کسی ایک آلے کی کمزوری بھی سائبر حملے کا راستہ بن سکتی ہے اور پورے نظام کو متاثر کرسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ تحقیق سے واضح ہوتا ہے کہ بارکوڈ اسکینر جیسا چھوٹا آلہ بھی بڑے سائبر حملے کا ذریعہ بن سکتا ہے، اس لیے گوداموں اور تجارتی اداروں کو اپنی سرگرمیوں کے ہر مرحلے پر سائبر سیکیورٹی کو ترجیح دینی چاہیے۔کیسپرسکی کے ماہرین نے سفارش کی ہے کہ نیٹ ورک سے منسلک کیے جانے والے ہر نئے آلے کی سیکیورٹی جانچ کی جائے، غیر ضروری بلوٹوتھ رابطے بند رکھے جائیں اور شناخت کی تصدیق کے مضبوط طریقے اختیار کیے جائیں۔اس کے علاوہ گوداموں کے نیٹ ورک کو مختلف حصوں میں تقسیم کیا جائے تاکہ آلات اور نظاموں کے درمیان صرف ضروری رابطوں کی اجازت ہو اور کسی ایک حصے میں نقب لگنے کی صورت میں نقصان کو محدود رکھا جاسکے۔کمپنی کے مطابق وہ صنعتی اداروں کے حفاظتی نظاموں کا جامع جائزہ لینے کی خدمات بھی فراہم کرتی ہے، جن کے ذریعے صنعتی کنٹرول سسٹمز، عملیاتی ٹیکنالوجی اور نیٹ ورک سے منسلک آلات میں موجود خامیوں، حفاظتی ترتیبات اور غیر مجاز رسائی کے ممکنہ راستوں کی نشاندہی کی جاتی ہے۔کیسپرسکی کے صنعتی سائبر سیکیورٹی حل اداروں کو اپنے نظاموں کی نگرانی بہتر بنانے اور سائبر خطرات سے تحفظ مضبوط کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔

### بقیہ نمبر 37 ﴿قوم کی آواز﴾

شامل ہیں، صنعتی سرگرمیوں میں اضافے اور بڑے پیمانے پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی بنیاد بن سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ صنعتی انفراسٹرکچر، کلسٹر ڈویلپمنٹ، ویلیو ایڈیشن، ای کامرس، ٹیکسٹائل اور مینوفیکچرنگ سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کو فروغ دینا ضروری ہے، کیونکہ ان اقدامات سے مقامی صنعتوں کی پیداواری صلاحیت اور عالمی منڈیوں میں مسابقت بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری کے منصوبوں کو غیر ضروری دفتری کارروائیوں، سرخ فیتے اور منظوریوں میں تاخیر سے نجات دلانے کے لیے مؤثر نگرانی کا نظام قائم کرنا ہوگا۔انہوں نے تجویز دی کہ تمام منصوبوں، زمین کی فراہمی، یوٹیلیٹی کنکشنز اور منظوریوں کے لیے واضح مدت مقرر کی جائے اور مقررہ مدت سے تجاوز کی صورت میں ذمہ داری کا تعین کیا جائے

### بقیہ نمبر 38 ﴿قوم کی آواز﴾

گیا، جس میں اے کے ڈی سیکیوریٹیز کے چیئرمین اور دیگر اعلیٰ حکام نے کمپنی کی جانب سے ایوارڈ وصول کیا۔تقریب میں مالیاتی شعبے سے وابستہ ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔یونیٹی مارکیٹس ایوارڈز 2026ء میں اے کے ڈی سیکیوریٹیز کو پاکستان کے بہترین ریٹیل بروکر کا اعزاز ملنا کمپنی کے لیے ایک اہم کامیابی ہے۔یہ ایوارڈ پاکستان کی بروکریج انڈسٹری میں اے کے ڈی سیکیوریٹیز کی کارکردگی اور ریٹیل بروکریج کے شعبے میں اس کی خدمات کے اعتراف کی حیثیت رکھتا ہے۔کمپنی کی اعلیٰ انتظامیہ کی جانب سے اس کامیابی کو سراہا گیا، جو مالیاتی شعبے میں نمایاں ترقی اور کامیابی کی عکاسی کرتی ہے۔

### بقیہ نمبر 39 ﴿قوم کی آواز﴾

جہاد ازعور سے ملاقات کے دوران کیا۔آئی ایم ایف کے وفد میں پاکستان کے لیے آئی ایم ایف کی مشن چیف ایوا پیٹرووا اور پاکستان میں آئی ایم ایف کے ریزیڈنٹ نمائندے (کنٹری ہیڈ) ماہر بنیچی بھی شامل تھے۔صدر مملکت نے پاکستان کے اصلاحاتی ایجنڈے کی حمایت میں آئی ایم ایف کے مسلسل تعاون کو سراہا۔انہوں نے توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) اور ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی سہولت (آر ایس ایف) کے تحت اصلاحات پر عملدرآمد کے لئے پاکستان کی کوششوں پر آئی ایم ایف کی قیادت کے اعتماد کو بھی سراہا۔ای ایف ایف کے چوتھے جائزے اور آر ایس ایف کے تیسرے جائزے کی کامیاب تکمیل اور اسٹاف لیول معاہدے کا حوالہ دیتے ہوئے صدر مملکت نے پاکستان کی معاشی بحالی اور استحکام کی جانب مسلسل پیشرفت پر اعتماد کا اظہار کیا۔صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان معاشی استحکام کے مرحلے سے نکل کر بحالی کی جانب بڑھ چکا ہے، مالی سال 2026ء میں ملکی معیشت کا حجم 452.1 ارب ڈالر تک پہنچ گیا جبکہ حقیقی مجموعی ملکی پیداوار (جی ڈی پی) کی شرح نمو مالی سال 2025ء میں 3.2 فیصد کے مقابلے میں بڑھ کر 3.7 فیصد ہوگئی۔انہوں نے مالیاتی نظم ونسق میں بہتری کو بھی اجاگر کیا اور بتایا کہ مالی سال 2025-26ء میں مالیاتی خسارہ کم ہوکر جی ڈی پی کے 2.6 فیصد تک آگیا جبکہ مالی سال 2026ء میں مسلسل تیسرے سال بنیادی مالیاتی سرپلس حاصل کیا گیا۔صدر مملکت نے وسیع تر معاشی اصلاحاتی ایجنڈے کے تحت محصولات میں اضافے، ٹیکس انتظامی نظام کو بہتر بنانے اور سرکاری شعبے کے اداروں میں اصلاحات کے لئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔انہوں نے ٹیکس نظام کو دستاویزی شکل دینے، محصولات کی وصولی کو ڈیجیٹل بنانے اور ٹیکس چوری کی روک تھام کے لئے حکومتی اقدامات کو بھی اجاگر کیا۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کے اصلاحاتی پروگرام کو تمام سیاسی سٹیک ہولڈرز کی حمایت حاصل ہے جبکہ صوبائی حکومتیں بھی اصلاحاتی وعدوں اور مقررہ اہداف کی تکمیل میں اپنا کردار ادا کر رہی ہیں۔صدر مملکت نے مشرق وسطیٰ میں جاری تنازعے کے دوران امن کے فروغ کے لئے پاکستان کی کوششوں کو بھی اجاگر کیا۔جہاد ازعور نے جاری اصلاحاتی پروگرام کے تحت آئی ایم ایف کے ساتھ پاکستان کے مسلسل تعاون کو سراہا۔انہوں نے میکرو اکنامک استحکام کو مضبوط بنانے، مالیاتی نظم وضبط برقرار رکھنے اور پائیدار معاشی ترقی کے فروغ کے لئے اصلاحاتی کوششوں کو جاری رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ملاقات میں وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب، سینیٹر شیری رحمان، سینیٹر سلیم مانڈوی والا، سابق وفاقی وزیر و رکن قومی اسمبلی سید نوید قمر اور سیکریٹری خزانہ بھی موجود تھے۔

### بقیہ نمبر 40 ﴿قوم کی آواز﴾

زمینوں کے ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوک سینٹر میں ادارہ ترقیات کراچی کی 1200ویں گورننگ باڈی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ادارے کے انتظامی، مالیاتی اور ترقیاتی معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات اور پنشن کی ادائیگی، ادارے کے مالی وسائل میں اضافے، سرکاری اراضی سے تجاوزات کے خاتمے اور لینڈ ریکارڈ کو ڈیجیٹل بنانے سمیت اہم امور زیر بحث آئے۔وزیر بلدیات سندھ نے ہدایت کی کہ نرم نوعیت کی تجاوزات کا فوری خاتمہ کرکے ان کی حتمی فہرست تیار کی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ کے ڈی اے کے فلاحی پلاٹوں کو غیر قانونی اور ناجائز طور پر استعمال کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کی جائے گی۔اجلاس میں نیلام شدہ پلاٹوں کے مالکان کو واجبات کی یکمشت ادائیگی پر 25 فیصد رعایت دینے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔اجلاس میں گورننگ باڈی کے ارکان اور متعلقہ افسران، رکن صوبائی اسمبلی علی احمد جان، رکن صوبائی اسمبلی محمد یوسف بلوچ، ایڈیشنل چیف سیکریٹری لوکل گورنمنٹ ڈاکٹر وسیم احمد شمشاد، کمشنر کراچی حسن نقوی، ممبر ٹیکنیکل عبدالصمد جمالانی، ممبر فنانس نوید انور صدیقی اور ممبر ایڈمنسٹریشن فرید شیخ نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران گورننگ باڈی کے سیکریٹری اور ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی زین العابدین انصاری نے وزیر بلدیات سندھ کو ادارے کی موجودہ مالی صورت حال اور ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات کی ادائیگی سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ پنشنرز اور ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات کی ادائیگی ادارے کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں حکومتی تعاون سے مؤثر پیش رفت ممکن بنائی جاسکتی ہے۔اس موقع پر سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ ریٹائرمنٹ کے بعد ملازمین اپنی پنشن اور واجبات کے منتظر رہتے ہیں، اس لیے ان کی ادائیگیوں میں غیر ضروری تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات کی ادائیگی کے لیے حکومت سندھ کا تعاون جاری رہے گا۔انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ پنشنرز اور ریٹائرڈ ملازمین کو مالی مشکلات سے نکالنے کے لیے قابل عمل لائحہ عمل مرتب کیا جائے۔سرکاری اراضی کے تحفظ اور ادارے کی آمدن میں اضافے کے حوالے سے اجلاس کو بتایا گیا کہ کے ڈی اے اپنی اراضی پر غیر قانونی قبضوں کے خاتمے اور دستیاب زمینوں کو مؤثر انداز میں استعمال کرنے کے لیے اقدامات کرے گا۔وزیر بلدیات نے ہدایت کی کہ نیلامی سے قبل متعلقہ پلاٹوں سے تمام تجاوزات ختم کرائی جائیں اور قانونی و انتظامی تقاضے پورے کرنے کے بعد انہیں نیلامی کے لیے پیش کیا جائے۔انہوں نے مزید ہدایت کی کہ پلاٹوں کی منصفانہ اور شفاف قیمت کے تعین کے لیے تیسرے فریق کے ذریعے ان کی بازاری مالیت کا تخمینہ لگایا جائے، تاکہ سرکاری اراضی کی فروخت سے ادارے کو بہتر مالی فائدہ حاصل ہو اور اس کے وسائل میں اضافہ ممکن بنایا جاسکے۔اجلاس میں کے ڈی اے کے لینڈ ریکارڈ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے منصوبے پر بھی گفتگو ہوئی۔ڈائریکٹر جنرل کے ڈی اے زین العابدین انصاری نے بتایا کہ زمینوں کے ریکارڈ کو ڈیجیٹل بنانے کے لیے منصوبہ تیار کرلیا گیا ہے اور اس پر جلد عمل درآمد شروع کردیا جائے گا۔اس اقدام سے زمینوں کا ریکارڈ محفوظ بنانے، معلومات تک رسائی بہتر کرنے، ریکارڈ کی جانچ پڑتال میں سہولت پیدا کرنے اور انتظامی امور میں شفافیت لانے میں مدد ملے گی۔اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ادارے کے مالی مسائل حل کرنے، ملازمین اور پنشنرز کے حقوق کے تحفظ، سرکاری اراضی کے مؤثر انتظام اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے کے ڈی اے کی کارکردگی مزید بہتر بنانے کے لیے مربوط اقدامات کیے جائیں گے۔

### بقیہ نمبر 41 ﴿قوم کی آواز﴾

کاروباری مسابقت اور مجموعی کاروباری لاگت کو بری طرح متاثر کر رہی ہے۔طلعت محمود نے لوکل گڈز ٹرانسپورٹرز الائنس (ایل جی ٹی اے) سمیت دیگر ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشنز کے وفد کے ساتھ کے سی سی آئی میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے اس بات پر زور دیا کہ جہاں کہیں بھی ٹرانسپورٹرز کو ناانصافی کا سامنا ہوگا، چیمبر ان کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا رہے گا اور مذاکرات کے ذریعے عملی حل تلاش کرنے کی کوشش کرے گا۔انہوں نے ٹرانسپورٹرز کو مشورہ دیا کہ ہڑتال کا اعلان کرنے سے قبل کے سی سی آئی سے مشاورت کریں تاکہ چیمبر متعلقہ حکام سے رابطہ کرکے مذاکرات میں سہولت فراہم کرسکے اور سامان کی نقل وحرکت میں خلل ڈالے بغیر حل تلاش کیا جاسکے۔انہوں نے ٹریفک قوانین کے یکساں نفاذ کو یقینی بنانے اور غیر معمولی ٹریفک جرمانوں کو معقول بنانے کا بھی مطالبہ کیا۔اجلاس میں چیئرمین ایل جی ٹی اے ملک خالد اعوان، صدر محمد رمضان، نائب صدر حاجی جمشید طاہر، نائب صدر محمد عثمان، چیئرمین آل پاکستان آئل ٹینکرز اونرز ایسوسی ایشن (اے پی او ٹی او اے) گل فراز خان جدون، وائس چیئرمین خانزادہ محمود، چیئرمین آل کراچی فلور ملز ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن جہانگیر خان نیازی، صدر کے ڈبلیو ٹی اے ملک شریف اعوان، سینئر نائب صدر کے سی سی آئی اسلم پکھالی، نائب صدر عاطف جمیل الرحمان، ایگزیکٹو کمیٹی اراکین اور ٹرانسپورٹ سیکٹر کے دیگر نمائندے موجود تھے۔صدر کے سی سی آئی نے ڈیزل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور مال کی ترسیل کے کرایوں میں اضافے کے اثرات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ایندھن اور ٹرانسپورٹیشن کے بڑھتے ہوئے اخراجات پہلے ہی بھاری آپریٹنگ اخراجات کا سامنا کرنے والی صنعتوں پر اضافی بوجھ ڈال رہے ہیں۔انہوں نے متنبہ کیا کہ اخراجات میں مسلسل اضافہ کاروباری اداروں کو پیداوار محدود کرنے یا اپنے یونٹس بند کرنے پر مجبور کرسکتا ہے جس سے خطے میں پاکستان کی کاروباری مسابقت متاثر ہوسکتی ہے۔انہوں نے کراچی کی بندرگاہوں کے قریب ٹرکوں اور ٹریلرز کے لیے مخصوص پارکنگ کی فوری ضرورت پر بھی زور دیتے ہوئے تجویز دی کہ مناسب سرکاری زمین کو معقول چارجز کے عوض مختص کرکے باقاعدہ پارکنگ سہولت میں تبدیل کیا جائے۔

### بقیہ نمبر 42 ﴿قوم کی آواز﴾

بھی ہدایات کی اور کہا کہ سرکار کی 108 کنال زمین یہاں سے واگزار کرائیں گے، واگزار زمین پر 3 میوزیم بنائیں گے جن میں آرمی میوزیم بھی شامل ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اسلام آباد کے پرانے سیکٹرز جی سکس، جی سیون، جی نائن اور جی ٹین کی تعمیر نو کریں گے اور تجاوزات کا خاتمہ بلاتفریق کریں گے۔انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں بجلی کی ترسیل کا نظام مکمل طور پر انڈر گراؤنڈ کرنے جارہے ہیں، لیسکو کے ساتھ مل کر بجلی کے کھمبے ختم کریں گے۔قبل ازیں اسلام آباد میں کشمیر چوک انڈر پاس پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج کشمیر چوک انڈر پاس کی تعمیر کا 12 واں دن ہے، پیش رفت آپ کے سامنے ہے، اگلے 10 دن میں کشمیر چوک انڈر پاس پر کافی کام مکمل کر لیں گے، یہ ایسی جنکشن ہے جس پر ٹریفک کا زور رہتا ہے۔محسن نقوی نے کہا کہ ہم نے کوئی روڈ بند نہیں کی، یہاں سے مری جانے اور اسلام آباد آنے والی ٹریفک کو آسانی ہوگی، جس دن کشمیر چوک انڈر پاس مکمل ہوگا کھول دیں گے اور وزیراعظم کشمیر چوک انڈر پاس کا افتتاح کریں گے۔انہوں نے بتایا کہ ایک ایک درخت جو کشمیر چوک انڈر پاس میں آیا اس کو شفٹ کرایا ہے ضائع نہیں ہوا، پچھلے دو سال میں دیکھیں اسلام آباد میں کتنے درخت شامل ہوئے ہیں، اسپارکو کا ریکارڈ دیکھ لیں اسلام آباد میں کتنے درخت لگے ہیں۔وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ اسلام آباد کے ایف نائن پارک کی تعمیر نو کر رہے ہیں، اسلام آباد کے شاہ اللہ دتا کے پاس واگزار کرائی گئی زمین پر بھی پارک تعمیر کررہے ہیں۔میڈیا سے گفتگو کے دوران ان کا کہنا تھا کہ سوال کرو کہ اسلام آباد کے نوجوانوں کے لیے ہم کیا کر رہے ہیں، اسلام آباد کے نوجوانوں کے لیے اسکالرشپ، لیپ ٹاپ، قرض پروگرام لائے ہیں، اگر کسی نے حکومتی زمین پر قبضہ کیا ہوا ہے تو اس کا غربت سے کیا تعلق ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک کہا کہ چند اپارٹمنٹس دکھا دوں جو سرکار اور پرائیویٹ لوگوں نے قبضہ کر رکھے ہیں، اسلام آباد کے کمرشل مارکیٹ میں بیٹھنے کی جگہ کے لیے ایک پالیسی بنا رہے ہیں، ایف سکس کی مارکیٹ اور دور کسی مارکیٹ کا دکان دار ایک ہی کرایہ کیوں ادا کرے۔ان کا کہنا تھا کہ ماڈل جیل کا چند دن میں افتتاح ہوگا، اسلام آباد کے تمام قیدی اڈیالہ جیل میں ہیں، اسلام آباد کے تمام قیدی ماڈل جیل منتقل ہوں گے۔محسن نقوی کا کہنا تھا کہ اسلام آباد کرکٹ اسٹیڈیم پر جلد آپ کو خوش خبری سنائیں گے، اسلام آباد کے لوکل باڈیز الیکشن پرانے شیڈول کے مطابق ہوں گے

### بقیہ نمبر 43 ﴿قوم کی آواز﴾

دوسرا زخمی ہوگیا۔پولیس کے مطابق ایک کار سوار شہری نے ملزمان کا تعاقب کرتے ہوئے اپنی گاڑی موٹرسائیکل سے ٹکرادی، جس کے نتیجے میں دونوں ملزمان سڑک پر گر گئے۔پولیس کے مطابق واقعہ سینٹرم شاپنگ مال کے قریب پیش آیا، جہاں دو مسلح موٹرسائیکل سوار ملزمان ایک شہری سے پرس چھین کر فرار ہونے لگے۔اس دوران کار سوار شہری نے ان کا تعاقب شروع کردیا اور یو بی ایل کمپلیکس کے قریب اپنی گاڑی موٹرسائیکل سے ٹکرادی۔حادثے کے نتیجے میں ایک مبینہ ڈاکو ہلاک جبکہ دوسرا زخمی ہوگیا۔واقعے کے بعد موقع پر موجود شہریوں نے بھی زخمی ملزم کو پکڑ لیا۔اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور دونوں ملزمان کو تحویل میں لے لیا۔پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے شہری سے چھینا گیا پرس اور غیر قانونی اسلحہ برآمد ہوا ہے۔پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کرکے مزید قانونی کارروائی اور تفتیش شروع کردی ہے۔

### بقیہ نمبر 44 ﴿قوم کی آواز﴾

گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے عبدالغنی چانگ سمیت تمام سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لیے دعا کی۔چیئرمین پیپلز پارٹی نے الھوسایو لنڈ کے انتقال پر بھی ان کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ مرحوم پارٹی کے وفادار کارکن تھے اور پیپلز پارٹی کے لیے ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔بلاول بھٹو زرداری نے دونوں سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل اور حوصلے کی دعا بھی کی۔

### بقیہ نمبر 45 ﴿قوم کی آواز﴾

نے انہیں سلامی پیش کی۔اس موقع پر ڈی آئی جی ایسٹ اور ایس ایس پی ملیر بھی موجود تھے۔ایس ایس پی ملیر نے شاہین فورس کی تعیناتی، کارکردگی، گشت اور جرائم کی روک تھام کے اقدامات پر بریفنگ دی، جبکہ ایڈیشنل آئی جی نے کنٹرول روم کا معائنہ بھی کیا۔شاہین فورس کے اہلکاروں سے خطاب کرتے ہوئے آزاد خان نے اعلان کیا کہ بہترین کارکردگی دکھانے والے جوانوں کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر ماہ "شاہین آف دی منتھ" کا اعزاز اور انعام دیا جائے گا۔انہوں نے ہدایت کی کہ اہلکار شہریوں کے تحفظ کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات یقینی بنائیں۔بعد ازاں ایڈیشنل آئی جی کراچی نے ڈی آئی جی ایسٹ اور ایس ایس پی ایسٹ کے ہمراہ ضلع شرقی میں سہراب گوٹھ کے قریب جمالی پل کے مقام پر بلڈرز کمیونٹی کے تعاون سے قائم زمان شہید پولیس چوکی کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ نئی پولیس چوکی کے قیام سے علاقے میں پولیس کی موجودگی، فوری کارروائی اور جرائم کی روک تھام میں بہتری آئے گی۔شاہین فورس کی مؤثر تعیناتی اور گشت کے ذریعے ان مقامات پر بھی شہریوں کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا جہاں ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے باعث پولیس موبائل کی رسائی مشکل ہوتی ہے۔تقریب کے اختتام پر پولیس افسران کے درمیان شیلڈز کا تبادلہ بھی ہوا۔

### بقیہ نمبر 46 ﴿قوم کی آواز﴾

کے ساتھ موجود کمسن بچی سمندری لہروں کی زد میں آتی دکھائی دے رہی ہے، تاہم ایک راہگیر نے بروقت مداخلت کرکے بچی کو لہروں سے نکال لیا۔وائرل ویڈیو کے مطابق ایک مرد اور خاتون ساحل پر چلتے ہوئے اپنی ویڈیو بنانے میں مصروف تھے کہ ان کے ساتھ موجود بچی اچانک پھسل کر ریت پر گر گئی، جس کے بعد سمندری لہروں نے اسے اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ویڈیو میں بظاہر جوڑا ریکارڈنگ میں مصروف دکھائی دیتا ہے۔ویڈیو شیئر کرنے والی خاتون مریم کے دعوے کے مطابق ایک راہگیر نے صورت حال کی سنگینی کو بھانپتے ہوئے فوری طور پر بچی کو لہروں سے باہر نکال لیا۔ویڈیو سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے بچوں کی حفاظت کے حوالے سے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ آیا سماجی ذرائع ابلاغ کے لیے ویڈیوز بنانے کی سرگرمیاں بچوں کی نگرانی پر اثرانداز ہورہی ہیں۔بعض صارفین نے ویڈیو کو پہلے سے طے شدہ قرار دیا، تاہم واقعے کے مقام، تاریخ اور ویڈیو کی صداقت کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوسکی۔

### بقیہ نمبر 47 ﴿قوم کی آواز﴾

ذریعے خورد برد کے مقدمے میں سابق پروجیکٹ ڈائریکٹر ضمیر عباسی کی درخواست پر تفتیشی افسر اور سرکاری وکیل کو نوٹس جاری کرتے ہوئے فریقین سے 2 نومبر تک جواب طلب کرلیا۔سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل راج علی واحد کنور ایڈووکیٹ نے مؤقف اختیار کیا کہ ضمیر عباسی کو ایک مقدمے میں ضمانت ملنے کے بعد دوسرے مقدمے میں گرفتار کرلیا گیا ہے۔ان کے مطابق ملزم پر عائد الزامات غلط اور بے بنیاد ہیں، لہٰذا اسے ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دیا جائے۔واضح رہے کہ ضمیر عباسی کے خلاف وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے کمرشل بینکنگ سرکل نے مقدمہ درج کیا تھا۔

### بقیہ نمبر 48 ﴿قوم کی آواز﴾

کے عنوان سے تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت پرو وائس چانسلر این ای ڈی یو ڈاکٹر نعمان احمد نے کی، انگلش بسکٹ مینوفیکچررز (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے بطور پلاٹینم اسپانسر تعاون کیا، تقریب کا مقصد بھوک کے خاتمے، غذائی تحفظ، خوراک کے معیار و حفاظت، جدید غذائی ٹیکنالوجی اور خوراک کے ضیاع میں کمی کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا، پرو وائس چانسلر این ای ڈی یونیورسٹی ڈاکٹر نعمان نے کہا کہ اکیڈمیا اور صنعت کو ساتھ دیکھ کر خوشی ہوئی ہے کیونکہ خوراک انسانی زندگی کی بنیادی ضرورت ہے غذائی شعبے کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور نئے علم کی تخلیق کے لیے جامعات اور صنعتی اداروں کے درمیان اشتراک ضروری ہے، تحقیق، عملی تجربات اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے خوراک کی پیداوار، معیار اور تحفظ کو بہتر بنایا جاسکتا ہے، ایف اے او پاکستان کی پروگرام کوآرڈینیشن اسپیشلسٹ بوٹا گوز نارتا یوانے کہا کہ زرعی و غذائی نظام کو پائیدار بنانے کے لیے ممکنہ خطرات کی پیشگی نشاندہی اور بحران سے پہلے مؤثر اقدامات ضروری ہیں، فوڈ سیفٹی آپریشنز اربن پیسٹ منیجمنٹ سے وابستہ ثمن اسلم نے خوراک کو آلودگی اور کیڑوں سے محفوظ رکھنے کے لیے مؤثر انتظامی اقدامات اور محفوظ غذائی نظام کی اہمیت اجاگر کی، چیئرمین شعبہ فوڈ انجینئرنگ ڈاکٹر علی عمارہ تقوی نے کہا کہ مختلف جامعات کے طلبہ کی جانب سے تیار کردہ جدید مصنوعات کی نمائش کی گئی ہے، طلبہ نے ماحول دوست پیکجنگ، خوراک کی شیلف لائف میں اضافے اور خوراک کے معیار کی جانچ کے لیے مختلف منصوبے پیش کیے۔

### بقیہ نمبر 49 ﴿قوم کی آواز﴾

اسٹیشن کی تنصیب اور باہمی تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ جاپان پاکستان کے اہم شراکت داروں اور بہترین دوستوں میں شامل ہے۔کراچی، بالخصوص سندھ میں ترقیاتی منصوبوں اور بحالی کے اقدامات کے لیے جاپان کا تعاون قابل تحسین ہے۔انہوں نے حب کینال کے حوالے سے تعاون پر جاپانی حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے۔میئر کراچی نے جاپانی سرمایہ کاروں کو کراچی میں سرمایہ کاری کی دعوت بھی دی۔مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ کراچی کی ترقی اور شہریوں کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی کے لیے بین الاقوامی تعاون اہمیت کا حامل ہے۔ترقیاتی منصوبوں میں دوست ممالک کی معاونت سے شہر کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور عوام کو بہتر سہولتیں فراہم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ جاپان اور پاکستان کے درمیان دوستانہ تعلقات اور باہمی تعاون کا سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔ان کا کہنا تھا کہ کراچی میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں اور جاپانی سرمایہ کار شہر کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کرکے اقتصادی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ملاقات میں حب کینال پر پمپنگ اسٹیشن کی تنصیب سے متعلق امور پر بھی گفتگو کی گئی، جو شہر میں پانی کی فراہمی کے نظام کے حوالے سے اہمیت رکھتے ہیں۔اس موقع پر دونوں جانب سے باہمی روابط اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

### بقیہ نمبر 50 ﴿قوم کی آواز﴾

ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی و آئینی حق ہے خیرات نہیں، صوبہ سندھ میں اس وقت 78 لاکھ بچے اسکولوں سے باہر ہیں۔جن بچوں کی عمریں 5 سے 15، 16 سال کے درمیان ہیں، پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت تعلیم پر اربوں روپے کا بجٹ خرچ کرنے کے باوجود سرکاری تعلیمی اداروں کی حالت بہتر بنانے میں ناکام ہے۔صوبے میں بڑے پیمانے پر تعلیمی ادارے ویران اور گھوسٹ اسکول موجود ہیں۔سرکاری اسکولوں میں معیاری تعلیم فراہم کی جائے تو والدین اپنے بچوں کو ضرور داخل کرائیں گے، جماعت اسلامی کے ٹاؤن کے تحت آنے والے اسکولوں کی حالت بہتر کرنے سے ان اسکولوں میں داخلوں کی شرح بڑھی ہے جبکہ گلبرگ اور گلشن ٹاؤن میں تعلیم کارڈ بھی جاری کیے گئے ہیں، پیٹرولیم لیوی بھتہ ٹیکس کے خلاف جمعہ 23 اکتوبر سے تحریک کا از سرنو آغاز کیا جائے گا، بیک وقت ڈیڑھ سو شہریوں میں دھرنے دیے جائیں گے اور مظاہرے کیے جائیں گے، ہر صورت میں پیٹرولیم لیوی بھتہ ٹیکس کا خاتمہ ہونا چاہیے۔تقریب سے امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان، امیر ضلع گلبرگ وسطی کامران سراج، ٹاؤن چیئرمین گلبرگ نصرت اللہ خان و دیگر نے بھی خطاب کیا۔حافظ نعیم الرحمٰن نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی نے اپنی ترجیحات میں تعلیم اور صحت کو سرفہرست رکھا ہے، ہمارے پاس جو وسائل موجود ہیں، ان کے ذریعے عوام کی خدمت کی کوشش کر رہے ہیں۔ڈیڑھ سال قبل ثمن آباد میں ایک ہیلتھ سینٹر کا افتتاح کیا گیا تھا، جہاں اب تک 30 ہزار مریضوں کا علاج کیا جاچکا ہے۔اب نصیر آباد میں بھی ہیلتھ سینٹر قائم کرنے کا منصوبہ ہے۔اسکولوں کی عمارتوں کو اپ گریڈ کرنے کے علاوہ پارکس کو بہتر اور اوپن ایئر جم بنائے جا رہے ہیں اور بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کے لیے ہارویسٹنگ کے منصوبوں پر کام کیا جا رہا ہے۔گلبرگ ٹاؤن کی انتظامیہ نے گزشتہ سال 5 ہزار جبکہ آنے والے سال میں 10 ہزار تعلیم کارڈ جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے، دیگر ٹاؤن میں بھی شروع کریں گے تاکہ تعلیم کارڈ کے منصوبے کو مہنگائی، بجلی و گیس کے بلوں کے باعث جن والدین کے لیے بچوں کی تعلیمی فیس ادا کرنا مشکل ہوجاتا ہے۔ ان کے لیے آسانی پیدا ہوسکے، حکومت و ریاست کی ذمہ داری ہے کہ ملک کے تمام بچوں کو معیاری اور مفت تعلیم فراہم کرے۔یعنی یہ وہ بچے ہیں جنہیں اسکولوں میں ہونا چاہیے، لیکن وہ تعلیم حاصل کرنے سے محروم ہیں۔یہ پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت کی 18 سالہ کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ قومی خزانے میں جمع ہونے والا پیسہ عوام کی امانت ہے اور اسے عوام کی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت اور دیگر بنیادی ضروریات پر خرچ ہونا چاہیے۔لیکن سوال یہ ہے کہ تعلیم کے لیے مختص ہونے والا خطیر بجٹ کہاں خرچ ہوتا ہے؟ صورتحال یہ ہے کہ چند مخصوص طبقات کی دولت، بینک بیلنس، گاڑیوں اور سرکاری مراعات میں تو اضافہ ہوتا رہتا ہے لیکن عام آدمی کے بچے معیاری تعلیم سے محروم ہیں۔پنجاب کی وزیر اعلیٰ نے 11 ارب روپے مالیت کا سرکاری جہاز خریدا۔ایک طرف عوام مہنگائی اور پیٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے پریشان ہیں، دوسری طرف ایسے اخراجات عوام پر ظلم ہیں، عوام کے ٹیکسوں سے حاصل ہونے والے وسائل کو ذاتی یا غیر ضروری اخراجات کے بجائے عوامی ضروریات پر ترجیحی بنیادوں پر خرچ کیا جانا چاہیے۔سندھ میں تعلیم حکمرانوں کی ترجیحات کہیں نظر نہیں آتی۔کرپشن، بدانتظامی اور وسائل کا غلط استعمال عام ہے۔جب تک تعلیم کو قومی ترجیح نہیں بنایا جائے گا، ملک ترقی کی دوڑ میں آگے نہیں بڑھ سکے گا۔کراچی کے عوام سے ہم نے وعدہ کیا تھا کہ اگر جماعت اسلامی کو بلدیاتی حکومت میں خدمت کا موقع ملا تو ہم دستیاب اختیارات اور وسائل کے ذریعے عوام کے مسائل حل کرنے کی کوشش کریں گے۔جماعت اسلامی کے زیر انتظام کراچی کے 9 ٹاؤنز میں مختلف ترقیاتی کام جاری ہیں، ہماری کوشش ہے کہ محدود وسائل اور دستیاب اختیارات کے باوجود عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے، تعلیمی اداروں کی بہتری کے لیے اقدامات کیے جائیں اور شہر کے مسائل حل کرنے کے لیے عملی کام کیا جائے۔یہ منصوبے محض تعمیراتی سرگرمیاں نہیں بلکہ اس سوچ کا اظہار ہیں کہ عوامی نمائندے اگر خدمت کے جذبے سے کام کریں تو محدود وسائل کے باوجود مثبت تبدیلی کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔

### بقیہ نمبر 51 ﴿قوم کی آواز﴾

کی گیس کی طلب ایک ارب مکعب فٹ یومیہ تک پہنچنے کا خدشہ ہے۔ذرائع نے بتایا کہ گیس کی طلب اور رسد میں فرق پورا کرنے کے لیے سردیوں کے دوران ایل این جی کے 18 کارگو خریدنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔اسپاٹ مارکیٹ سے ایل این جی کی خریداری کے لیے 30 ڈالر فی ملین برٹش تھرمل یونٹ قیمت آخری حد مقرر کیے جانے کا امکان ہے۔

☆☆☆

# صدر زرداری سے آئی ایم ایف ڈائریکٹر جہادار عور کی ملاقات

وفد میں پاکستان کیلئے آئی ایم ایف کی مشن چیف ایوا پیٹروا اور پاکستان میں آئی ایم ایف کے ریزیڈنٹ نمائندے (کنٹری ہیڈ) ماہر بنکی بھی شامل

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان جامع اور ماحول دوست ترقی کو یقینی بناتے ہوئے مالیاتی پائیداری، توانائی کے شعبے میں اصلاحات، تجارکاری اور سماجی تحفظ کے لئے پُرعزم ہے۔ منگل کو ایوان صدر میں میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے ان خیالات کا اظہار ایوانِ صدر میں بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے مشرقِ وسطیٰ اور وسطی ایشیا کے شعبے کے ڈائریکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)





## شاہین فورس اسٹریٹ کرائم کیخلاف کراچی پولیس کی فرنٹ لائن فورس ہے، آزاد خان

ایڈیشنل آئی جی کراچی نے بلڈرز کمیونٹی کے تعاون سے قائم زمان شہید پولیس چوکی کا افتتاح کردیا

کراچی (بزنس رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان نے کہا ہے کہ شاہین فورس اسٹریٹ کرائم کے خلاف کراچی پولیس کی فرنٹ لائن فورس ہے، اس کے اہلکار شہریوں کے تحفظ کے لیے پیشہ ورانہ صلاحیتوں، نظم وضبط اور جسمانی فٹنس کو برقرار رکھتے ہوئے مقررہ ضابطہ کار پر عمل کریں۔ 21 اکتوبر کو ضلع ملیر پولیس ہیڈکوارٹر کے دورے کے موقع پر پولیس کے چاق و چوبند دستے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

## بلاول بھٹو زرداری کا عبدالغنی چانگ کی والدہ اور الھوسایولنڈ کے انتقال پر اظہارِ افسوس


مرحومین کے اہلِ خانہ سے تعزیت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبرِ جمیل کی دعا

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پارٹی رہنما عبدالغنی چانگ کی والدہ اور پیپلز پارٹی سٹھ میل کے صدر الھوسایولنڈ کے انتقال پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

## راشد منہاس روڈ پر شہری کی گاڑی کی ٹکر سے مبینہ ڈاکو ہلاک، دوسرا زخمی

سینٹرم شاپنگ مال کے قریب شہری سے پرس چھین کر فرار ہونے والے ملزمان کا تعاقب، چھینا گیا پرس اور اسلحہ برآمد

کراچی (این این آئی) راشد منہاس روڈ پر یوبی ایل کمپلیکس کے قریب شہری سے مبینہ طور پر پرس چھین کر فرار ہونے والے دو موٹر سائیکل سوار ملزمان میں سے ایک ہلاک اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



## اسلام آباد میں 150 سوسائٹیاں غیر قانونی ہیں، کارروائی کررہے ہیں، محسن نقوی

ماڈل جیل کا چند دن میں افتتاح ہوگا، اڈیالہ جیل سے اسلام آباد کے تمام قیدی ماڈل جیل منتقل ہونگے، محسن نقوی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں 150 سوسائٹیاں غیر قانونی ہیں، جن کے خلاف کام کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے مپور علاقے کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد میں 150 سوسائٹیاں غیر قانونی ہیں، ان تمام غیر قانونی سوسائٹیوں کے خلاف کام کر رہے ہیں، جہاں بھی سرکار کی زمین پر قبضہ ہوگا وہ واگزار کروائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اسلام آباد میں نیشنل ہیریٹیج میوزم بنا رہے ہیں، غیر قانونی قبضہ کرنے والوں کے علاوہ قبضے پر آنکھیں بند کرنے والے سی ڈی اے ملازمین کے خلاف بھی کارروائی ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے بہارہ کہو میں قبضے کی زمین واگزار کرانے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

# کے ڈی اے ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات ترجیحات میں شامل، ناصر حسین شاہ

نیلام شدہ پلاٹوں کے مالکان کو واجبات کی یکمشت ادائیگی پر 25 فیصد رعایت دینے کا فیصلہ

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ کراچی ترقیاتی ادارے (کے ڈی اے) کے ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات اور پنشن کی ادائیگی حکومت سندھ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن کی بروقت ادائیگی ان کا بنیادی حق ہے، اس لیے اس معاملے میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ کے ڈی اے کی مالی خودمختاری، سرکاری اراضی کے مؤثر استعمال اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



# ٹرانسپورٹرز کے جائز مطالبات حکومت کے سامنے اٹھائیں گے، طلعت محمود

بھاری جرمانوں، ایندھن کی قیمتوں اور بڑھتے آپریشنل اخراجات پر حکومت ریلیف دے، خالد اعوان، خانزادہ محسود



کراچی (بزنس رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر طلعت محمود نے ٹرانسپورٹ سیکٹر کے نمائندوں کو یقین دہانی کرائی ہے کہ کراچی چیمبر ان کے جائز مسائل وفاقی و سندھ حکومت کے سامنے بھرپور انداز میں اٹھائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کے بڑھتے اخراجات، ٹریفک کے بھاری جرمانے، بندرگاہوں پر پارکنگ کی ناکافی سہولیات اور سڑکوں کی خراب صورتحال صنعتی پیداوار، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

# غذائی شعبے میں جامعات و صنعتوں میں اشتراک ضروری ہے، ڈاکٹر نعمان

زرعی و غذائی نظام پائیدار بنانے کیلئے بحران سے پہلے اقدام ضروری ہیں، بوٹانار تایوا جامعہ این ای ڈی میں عالمی یوم خوراک پر آج جدت، کل غذائیت تقریب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے شعبہ فوڈ انجینئرنگ کے زیر اہتمام ورلڈ فوڈ ڈے 2026 کے سلسلے میں آج جدت، کل غذائیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)



## ساحل پر ویڈیو بنانے میں مصروف جوڑے کی مبینہ غفلت، کمسن بچی لہروں میں پھنس گئی

کراچی (این این آئی) سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک ویڈیو میں ساحل سمندر پر ویڈیو بنانے میں مصروف ایک جوڑے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

## بے نامی اکاؤنٹس کے ذریعے خورد برد کیس؛ ضمیر عباسی کی درخواست پر فریقین کو نوٹس

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے بے نامی اکاؤنٹس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

# میئر کراچی کی جاپانی قونصل جنرل سے ملاقات، حب کینال منصوبے پر گفتگو

پمپنگ اسٹیشن کی تنصیب اور باہمی تعاون کے امور پر تبادلہ خیال، جاپانی سرمایہ کاروں کو کراچی میں سرمایہ کاری کی دعوت



کراچی (بزنس رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب سے جاپان کے قونصل جنرل ہٹوری ماسارو (MasaruHattori) نے بدھ کے روز صدر دفتر بلدیہ عظمیٰ کراچی میں ملاقات کی۔ میئر کراچی نے جاپانی وفد کا خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر جاپان کے ڈپٹی قونصل جنرل اور منیجنگ ڈائریکٹر کراچی واٹر کارپوریشن احمد علی صدیقی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں حب کینال پر پمپنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

# تعلیم ہر بچے کا بنیادی و آئینی حق ہے خیرات نہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

گلبرگ ٹاؤن میں ڈاکٹر عبدالقدیر خان ٹیک اسپیس اور 70 سڑکوں 300 گلیوں کی افتتاحی تقریب

کراچی (بزنس رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے منگل کے روز گلبرگ ٹاؤن کے تحت فیڈرل بی ایریا میں ابوتراب اسکول، ڈاکٹر عبدالقدیر خان ٹیک اسپیس اور 70 سڑکوں و 300 گلیوں کا افتتاح کیا، اس موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)



## سردیوں میں گیس کی طلب پوری کرنے کیلئے ایل این جی کے 18 کارگو خریدنے کا ہدف مقرر، مقامی گیس کی دستیابی ایک ارب 40 کروڑ مکعب فٹ یومیہ، قطر سے سستی ایل این جی کی درآمد کو ترجیح دی جائے گی

کراچی (این این آئی) سردیوں میں گیس کی بڑھتی ہوئی طلب پوری کرنے کے لیے ایل این جی کے 18 کارگو خریدنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ قطر سے نسبتاً سستی ایل این جی کی درآمد کو ترجیح دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پیٹرولیم ڈویژن کے ذرائع کے مطابق ملک بھر میں سوئی ناردرن اور سوئی سدرن گیس کمپنیوں کو مجموعی طور پر مقامی گیس کی دستیابی ایک ارب 40 کروڑ مکعب فٹ یومیہ ہے، جبکہ سردیوں میں صرف پنجاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

# سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

## جامعہ کراچی کے وائس چانسلر کی چین کے قونصل جنرل سے خصوصی ملاقات


پروفیسر ڈاکٹر وسیم قاضی کی فینگ دی ہینگ سے اہم امور پر گفتگو، وائس چانسلر نومبر میں چائنا بھی جائیں گے، فیصلہ

جامعہ کراچی میں پاکستان چین مرکز برائے مصنوعی ذہانت و پاک چین میوزیم کے قائم کرنے پر بھی اتفاق

پاک چائنا کے تعلقات اور جامعہ کراچی کے قیام کی مشترکہ 75 سالہ تقریب، ایک ساتھ شایان شان منعقد کرنے پر غور



کراچی (بزنس رپورٹر) جامعہ کراچی اور چین کے درمیان مصنوعی ذہانت، سائبر سیکورٹی، سائنسی تحقیق اور ثقافتی تعاون کے فروغ پر اتفاق کیا گیا ہے، جبکہ جامعہ کراچی میں پاکستان۔چین مرکز برائے مصنوعی ذہانت و سائبر سیکورٹی اور پاکستان۔چین میوزیم کے قیام کی تجاویز بھی زیرِ غور آئیں۔ اس سلسلے میں جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر وسیم قاضی نے چین کے قونصل جنرل فینگ دی ہینگ سے ملاقات کی، جس میں اعلیٰ تعلیم، جدید ٹیکنالوجی، مشترکہ تحقیقی منصوبوں، اساتذہ وطلبہ کے تبادلوں اور چینی زبان وثقافت کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر وسیم قاضی نے کہا کہ پاکستان اور چین کے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ اور جامعہ کراچی کے قیام کے 75 سال مکمل ہونے کے تاریخی مواقع کو علمی، سائنسی اور ثقافتی کامیابیوں میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے سائبر سیکورٹی اور پاکستان۔چین میوزیم کے قیام کی تجاویز بھی زیرِ غور آئیں۔ اس سلسلے میں جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر وسیم قاضی نے چین کے قونصل جنرل فینگ دی ہینگ سے ملاقات کی، جس میں اعلیٰ تعلیم، جدید ٹیکنالوجی، مشترکہ تحقیق اور پیشہ ورانہ تربیت کے پروگرام شروع کرنے پر زور دیا۔ چین کے قونصل جنرل فینگ دی ہینگ نے جامعہ کراچی اور اس کے کنفیوشس انسٹی ٹیوٹ کی تعلیمی تعاون کے فروغ کے لیے خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین کے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ اور جامعہ کراچی کے قیام کے 75 سال مکمل ہونے کے تاریخی مواقع کو علمی، سائنسی اور ثقافتی کامیابیوں میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے پاکستان۔چین مرکز برائے مصنوعی ذہانت و سائبر سیکورٹی کے قیام کی تجویز میں بھی دلچسپی ظاہر کی۔ ملاقات میں پاکستان۔چین میوزیم کے قیام پر بھی غور کیا گیا، جس کے ذریعے دونوں ممالک کے تاریخی ورثے، اہم دستاویزات، علمی ذخائر اور ثقافتی نوادرات کو محفوظ بنانے کے ساتھ باہمی روابط کو فروغ دیا جائے گا۔ اس مقصد کے لیے ایک خصوصی ہال آف فیم قائم کرنے کی تجویز بھی پیش کی گئی، جہاں تعلیم اور علمی خدمات میں نمایاں کردار ادا کرنے والی شخصیات کو خراجِ تحسین پیش کیا جا سکے گا۔ وائس چانسلر جامعہ کراچی نے بتایا کہ وہ نومبر 2026ء میں چین کا دورہ کریں گے، جس کے دوران ممتاز چینی جامعات کے نمائندوں سے ملاقاتیں کر کے تحقیقی و تعلیمی شراکت داری، جدید ٹیکنالوجی، علمی تبادلوں اور ادارہ جاتی تعاون کے لیے ممکنہ معاہدوں پر پیش رفت کی جائے گی۔ جامعہ کراچی نے چین کی ممتاز جامعات اور تحقیقی اداروں کو بھی اس مشترکہ اقدام میں شرکت کی دعوت دی ہے، تاکہ دونوں ممالک کی دیرینہ دوستی کو پائیدار علمی وسائنسی شراکت داری میں تبدیل کیا جا سکے اور طلبہ ومحققین کے لیے تحقیق، جدت اور ترقی کے نئے مواقع پیدا ہوں۔



## کے پی ٹی کا خواتین کی صحت اور فلاح و بہبود کے لیے عزم کا اعادہ، پنکٹوبر 2026 منعقد

چھاتی کے سرطان سے متعلق آگاہی کا خصوصی سیشن، ڈاکٹر ملیحہ اشفاق، ڈاکٹر نادیہ فرحان عیسیٰ کی قیادت

کنسلٹنٹ میڈیکل آنکولوجسٹ، ڈاؤ میڈیکل کالج اور چیئرپرسن ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹریز نے خواتین کو مفید مشورے بھی دیئے

مہمان خصوصی چیئرمین کے پی ٹی ریئر ایڈمرل شاہد احمد کا بھی اس موذی بیماری کی بروقت تشخیص پر زور، شرکاء میں شیلڈ تقسیم



کراچی (بزنس رپورٹر) کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) نے خواتین کی صحت، طبی نگہداشت اور ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کے پی ٹی اسٹاف کالج میں چھاتی کے سرطان سے متعلق آگاہی کا ایک خصوصی سیشن منعقد کیا۔ اس سیشن کا بنیادی مقصد چھاتی کے سرطان کے بارے میں شعور اجاگر کرنا، اس مرض کی بروقت تشخیص کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور خواتین کو اپنی صحت کے تحفظ کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ترغیب دینا تھا۔ سیشن کی قیادت ڈاکٹر ملیحہ اشفاق، کنسلٹنٹ میڈیکل آنکولوجسٹ، ڈاؤ میڈیکل کالج اور ڈاکٹر رتھ کے ایم فاؤ سول اسپتال نے کی۔ چھاتی کا سرطان خواتین میں پائے جانے والے اہم امراض میں شامل ہے، جس کے بارے میں بروقت آگاہی اور طبی معائنے کی اہمیت مسلمہ ہے۔ اس بیماری کی ابتدائی علامات کو پہچاننے، طبی مشورے کی ضرورت کو سمجھنے اور بروقت تشخیص کے لیے مناسب اقدامات کرنے سے مریضوں کو علاج کی سہولیات تک جلد رسائی حاصل کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اسی تناظر میں کے پی ٹی کی جانب سے منعقدہ یہ سیشن خواتین کی صحت سے متعلق شعور بیدار کرنے اور احتیاطی طبی نگہداشت کے رجحان کو فروغ دینے کی ایک اہم کوشش قرار دیا جا سکتا ہے۔ سیشن کے دوران چھاتی کے سرطان سے متعلق آگاہی کو فروغ دینے اور بروقت تشخیص کی حوصلہ افزائی پر خصوصی توجہ دی گئی۔ طبی ماہرین کی رہنمائی میں ایسے موضوعات پر آگاہی کی اہمیت اجاگر کی گئی جو خواتین کو اپنی صحت کے بارے میں زیادہ باخبر اور محتاط رہنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ اس طرح کے پروگرام خواتین کو صحت کے مسائل کو نظرانداز کرنے کے بجائے ان کے بارے میں بروقت معلومات حاصل کرنے اور ضرورت پڑنے پر مستند طبی ماہرین سے رجوع کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ نے چھاتی کے سرطان سے متعلق آگاہی اور اس کی بروقت تشخیص کی غیر معمولی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے خواتین کی صحت کے تحفظ کے لیے فعال اور پیشگی اقدامات کی ضرورت کو اجاگر کرتے ہوئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ترغیب دی۔ اس موقع پر خواتین کی صحت کو ترجیح دینے اور بیماریوں سے متعلق شعور عام کرنے کی اہمیت نمایاں رہی، تاکہ صحت کے مسائل سے نمٹنے کے لیے بروقت اور مؤثر اقدامات کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ ماہرین صحت کے مطابق کسی بھی بیماری کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنا صحت مند معاشرے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ خصوصاً چھاتی کے سرطان کے معاملے میں خواتین کو بیماری کی ممکنہ علامات، طبی معائنے اور بروقت تشخیص کے فوائد سے آگاہ کرنا ضروری ہے۔ اگر کسی خاتون کو چھاتی میں غیر معمولی گلٹی، جلد میں تبدیلی، نپل کی ساخت میں تبدیلی یا کوئی دوسری غیر معمولی علامت محسوس ہو تو اسے مستند ڈاکٹر سے مشورہ کرنا چاہیے۔ تاہم ایسی علامات کا ظاہر ہونا لازماً سرطان کی موجودگی کی نشاندہی نہیں کرتا، اس لیے درست تشخیص کے لیے طبی معائنہ ضروری ہے۔

